اُردو کا گُلدستہ

# کلیاں

پری نرسری کے طلبا کے لیے

فوزیہ احسان فاروقی

(رہنمائے اساتذہ)



OXFORD
UNIVERSITY PRESS

اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

# فہرست


- تعارف ........................................ iv
- مقاصد برائے درسی کتاب کلیاں ........................ v
- عمومی ہدایات برائے اساتذہ ........................ vi
- تختۂ نرم کی تجاویز ........................ vii
- خصوصی ہدایات برائے اساتذہ ........................ viii

**یونٹ نمبر ۱**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۲
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا اور دوسرا ہفتہ ........................ ۶
  - تیسرا ہفتہ ........................ ۸
  - چوتھا ہفتہ ........................ ۹
  - پانچواں ہفتہ ........................ ۱۰
  - چھٹا ہفتہ ........................ ۱۲
  - ساتواں ہفتہ ........................ ۱۴

**یونٹ نمبر ۲**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۱۶
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا اور دوسرا ہفتہ ........................ ۱۷
  - تیسرا ہفتہ ........................ ۱۹
  - چوتھا ہفتہ ........................ ۲۱
  - پانچواں ہفتہ ........................ ۲۲

**یونٹ نمبر ۳**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۲۴
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا ہفتہ ........................ ۲۵
  - دوسرا ہفتہ ........................ ۲۷
  - تیسرا ہفتہ ........................ ۲۹
  - چوتھا ہفتہ ........................ ۳۰
  - پانچواں ہفتہ ........................ ۳۲
  - چھٹا ہفتہ ........................ ۳۴
  - ساتواں ہفتہ ........................ ۳۵

**یونٹ نمبر ۴**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۳۶
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا ہفتہ ........................ ۳۷
  - دوسرا ہفتہ ........................ ۳۹
  - تیسرا ہفتہ ........................ ۴۰
  - چوتھا ہفتہ ........................ ۴۱
  - پانچواں ہفتہ ........................ ۴۳
  - چھٹا ہفتہ ........................ ۴۴

**یونٹ نمبر ۵**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۴۵
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا ہفتہ ........................ ۴۶
  - دوسرا ہفتہ ........................ ۴۸
  - تیسرا ہفتہ ........................ ۴۹
  - چوتھا ہفتہ ........................ ۵۰
  - پانچواں ہفتہ ........................ ۵۱
  - چھٹا ہفتہ ........................ ۵۲

**یونٹ نمبر ۶**

- یونٹ کے مقاصد اور مددگار مواد ........................ ۵۳
- یونٹ کی پڑھائی کے لیے ہفتہ وار منصوبہ بندی:
  - پہلا ہفتہ ........................ ۵۴
  - دوسرا ہفتہ ........................ ۵۵
  - تیسرا ہفتہ ........................ ۵۶
  - چوتھا ہفتہ ........................ ۵۸
  - پانچواں اور چھٹا ہفتہ ........................ ۶۰
  - ساتواں ہفتہ ........................ ۶۱
  - آٹھواں ہفتہ ........................ ۶۲
  - گتّے کے تراشوں کے خاکے ........................ ۶۳
  - بچوں کے کام کے نمونے ........................ ۶۶

# تعارف

یہ رہنمائے اساتذہ اُردو کا گلدستہ سیریز کی درسی کتاب 'کلیاں' برائے پری نرسری جماعت کے لیے تیار کی گئی ہے۔ مددگار کتب اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی، تصویری قاعدہ 'حروف کی کہانیاں' اور معاون کتاب 'تحفہ' کا مواد بھی اس منصوبہ بندی کا حصّہ بنایا گیا ہے۔ اس کے ساتھ اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس سے شائع شدہ فلیش کارڈز کے استعمال کا طریقہ بھی شامل کیا گیا ہے۔

جماعت اوّل سے قبل پری پرائمری کی تین جماعتوں میں طلبا کی قبل از پڑھائی اور قبل از لکھائی (Pre-reading and pre-writing) مہارتوں پر کام کیا جاتا ہے۔ خواندگی (literacy) کے بنیادی اہداف کا حصول تب ہی ممکن ہے جب طلبا کی مشاہدے (observation) کی صلاحیتوں کو بامعنی اور بامقصد بنایا جائے۔ ہاتھوں اور جسمانی حرکات پر قابو پانے کی مختلف مشقوں کے ساتھ ساتھ طلبا علامتیں، ہندسے، اشارے اور نقاط کی پہچان کرسکیں۔ کہانیوں اور نظموں کے ذریعے فہم اور ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ بھی اسی سلسلے کی اہم کڑی ہے۔

اس عمر میں طلبا کی سیکھنے کی صلاحیتیں اپنے عروج پر ہوتی ہیں۔ وہ بیک وقت بہت سی مہارتوں کے حصول کی کوشش کررہے ہوتے ہیں۔ یہ کوششیں اگر منظّم اور بتدریج کی جائیں تو بہت مثبت نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

امید ہے کہ اساتذہ کے لیے یہ رہنمائے اساتذہ بہت سی آسانیاں فراہم کرے گی۔ اس کا بغور مطالعہ جماعت میں طلبا کی پڑھنے، لکھنے، سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیتوں کی نشوونما میں بہت مددگار ہوگا۔ انشاء اللہ

# مقاصد برائے درسی کتاب کلیاں

## سُننا

- ماحول سے مانوس ہو کر گرد و پیش کی آوازیں سننے اور سمجھنے کے لیے تیار ہونا۔
- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے اُردو ناموں سے آگاہ ہونا۔
- شروع کی آواز پہچاننا۔
- کہانیوں، نظموں، واقعات، ڈراموں اور پُتلی تماشوں کو غور سے دیکھنا، سننا اور سمجھنے کی کوشش کرنا۔
- غور سے دیکھنا، سننا اور سمجھنے کی کوشش کرنا۔

## بولنا

- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے اُردو نام دُہرانا۔
- کہانیاں، نظمیں، واقعات، مکالمے دُہرانا۔
- حروف اور الفاظ دُہرانا۔
- اپنا مدعا اُردو میں بتانا۔ (مثلاً میں پانی پینا چاہتی/ چاہتا ہوں۔)

## پڑھنا

- تصاویر بغور دیکھنا اور پہچاننا، علامتیں (شروع کا لفظ، تیر کا نشان) پہچاننا۔
- حروف پہچاننا۔
- بصری طریقۂ تدریس سے سکھائے جانے والے الفاظ پہچاننا۔

## لکھنا

- ہاتھوں کو عمودی، ترچھی، افقی، دائیں سے بائیں اور بائیں سے دائیں حرکت دے سکیں۔
- ریت، ہوا، میز اور ریتیلے کاغذ (Sand paper) پر دو انگلیوں کو اور پھر ایک انگلی کو درست سمت میں پھیرنا سیکھ سکیں۔
- چاک، کریون اور پنسل پر گرفت کرنا سیکھ سکیں۔
- خاکوں میں درست طریقے سے رنگ بھرنے کی کوشش کر سکیں۔
- دیے گئے بڑے حروف میں درست طریقے سے درست سمت میں کریون/ پنسل پھیر سکیں۔

**کتب اور مواد :** اُردو خوشخطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی)
تحفہ (معاون کتاب)
حروف کی کہانیاں (تصویری قاعدہ) برائے حروف پر مبنی کہانیاں اور ذخیرۂ الفاظ
فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

## عمومی ہدایات برائے اساتذہ

- استعمال کی جانے والی کتب کا پہلے خود اچھی طرح جائزہ لیجیے۔
- کتب میں دی گئی ہدایات برائے اساتذہ بغور پڑھیے۔
- مددگار مواد مثلاً تراشے (کٹ آؤٹس) کھلونے، حقیقی اشیا، ورک شیٹس وغیرہ پہلے سے تیار رکھیے۔
- طلبا کو اپنے آپ سے مانوس کرنے کے لیے مختلف حکمت عملیاں اختیار کیجیے۔ مثلاً موزے کی پُتلی ہاتھ پر چڑھا کر آواز بدل کر کہنا، خوش آمدید کیسے ہیں آپ؟
- اپنی منصوبہ بندی میں نظمیں کہانیاں شامل رکھیے۔
- طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے رہیے۔
- جماعت شروع کرتے ہوئے گزشتہ کاموں کا اعادہ ضرور کروائیے۔
- تختۂ تحریر پر حروف تہجی، جلی حروف (Hollow words) میں اتنی اونچائی پر لکھیے کہ بچوں کا ہاتھ بآسانی پھروایا جا سکے۔

نوٹ: کام کی نوعیت اور بچوں کے سیکھنے کی صلاحیت اور رفتار کے پیشِ نظر منصوبہ بندی میں کمی یا زیادتی کی جا سکتی ہے۔


یاد رہے کہ اس جماعت میں بچے پڑھنے اور لکھنے کی تیاری کی مہارتیں (Pre-reading and pre-writing) حاصل کر رہے ہیں۔ اس لیے اپنی توقعات یہی رکھیے کہ وہ حروف اور الفاظ کی شناخت کر سکیں اور لکھائی کے لیے تیار ہو سکیں۔

### سرگرمی

طریقۂ کار میں دیا گیا ستارے کا نشان ☆ سرگرمیوں کو ظاہر کر رہا ہے۔


## تختۂ نرم کی تجاویز:

## تختۂ نرم کا مثالی نمونہ




نوٹ: تختۂ نرم کا یہ ایک مثالی نمونہ ہے جو اساتذہ کو درسی کتاب 'کلیاں' کے تمام یونٹوں کی پڑھائی (خصوصاً حروفِ تہجی) کے لیے تختۂ نرم کی تیاری میں رہنمائی فراہم کرے گا۔

- لکھائی کی تیاری کے لیے سے ریت ،مٹی ، ہوا اور میز پر انگلیوں کی مدد سے لکھنے کی مشق کروائیے۔ بنائے گئے نشانات پر انگلی/ دو انگلیاں پھروائیے۔



درسی کتاب 'کلیاں'





- icons کے فلیش کارڈز بنالیجیے اور روز پڑھوائیے۔ کام سے پہلے ان کی طرف توجہ دلوا کے ہدایات دہرائیے اور پھر کام شروع کروائیے۔
- خاکے
- بڑے حروف میں نقطے سے شروع کرکے درست سمت میں پنسل پھروائیے۔ (پانچ بار)
- کام کے دوران زبانی ذخیرۂ الفاظ دہراتے رہیے۔
- عملی سرگرمی صفحے پر کام سے پہلے یا بعد میں کروائیے۔

نوٹ: صفحے کا بغور مشاہدہ کرنے کے لیے وقت دیجیے۔ توجہ مرکوز کرنا سکھائیے پھر اس صفحے پر موجود اشیا کے اُردو نام بتائیے اور پوچھیے۔ رنگ، تعداد اور کون کیا کر رہا ہے پوچھیے۔ اُن کی رائے لیجیے کون سی چیز اچھی لگی؟ سب سے اچھی کیا چیز لگ رہی ہے؟ کیوں؟ وجہ بتانا سکھائیے۔ کہانیوں اور نظموں کی تفہیم کے صفحات کے لیے بھی یہی طریقۂ کار اختیار کیجیے۔


## اُردو خوشخطی سلسلہ (حصّہ ابتدائی)

- دیے گئے خاکوں میں اچھی طرح اندر کی طرف رنگ بھروانے کی مشق سے طلبا کی ہاتھوں کی حرکت پر قابو پانے کی مشق ہوتی ہے۔
- icons کی طرف توجہ دلا کر ہدایت پڑھ کر بتایئے اور سمجھایئے۔
- تیر کی سمت کی بار بار وضاحت کرکے کام کروایئے۔
- شروع کے نقطے کی طرف توجہ دلا کر اس پر پنسل یا کریون رکھوا کر کام شروع کروایئے۔




- دیا گیا مقصد معلمین / والدین کے لیے ہے۔


# معاون کتاب 'تحفہ'




- بصری طریقۂ تدریس سے یہ الفاظ فلیش کارڈز پر لکھ کر بار بار دکھانے سے بچوں کی یادداشت میں محفوظ ہوجاتے ہیں۔ بعد ازاں کتاب میں سامنے آنے پر وہ خود پڑھنے پر قادر ہوجاتے ہیں۔ (ان الفاظ کے ہجّے نہیں کروائیے۔ پورا لفظ ایک تصویر کی صورت میں طلبا کی یادداشت میں محفوظ ہوتا ہے)

- ہر کہانی کے بعد دی گئی مشقیں ان کی فہم میں اضافے اور پڑھنے کی مہارتوں کے فروغ کے لیے ہیں۔ انھیں خود سمجھ کر کروائیے۔

## حروف کی کہانیاں




- تصویری قاعدے 'حروف کی کہانیاں' کی مدد سے طلبا کو حروف کی پہچان کروائیے۔ حروف کے ہر خاندان کے بعد دیا گیا تمام حروف کا اعادہ ایک مکمل کہانی کی صورت میں کروائیے۔

## یونٹ کے مقاصد:


- طلبا کو ماحول اور معلّم سے مانوس کرنا۔
- سننے ، بولنے ، پڑھنے اور لکھنے کی مہارتوں کے حصول کے لیے تیار کرنا۔
- مشاہدہ کرنے کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا۔
- مشاہدے کے بعد کیے گئے سوالات کے جوابات دینے کے قابل بنانا۔
- ایک جیسی اشیا ، شروع کا نقطہ اور تیر کے نشان کو پہچاننے کے قابل بنانا۔
- یہ پہچان کروانا کہ رنگین نقطہ شروع کرنے اور تیر کا نشان سمت کی نشاندہی کرتا ہے۔
- طلبا بصری طریقۂ تدریس (Sight-reading) کے ذریعے الفاظ پڑھنے کی کوشش کرنا شروع کرسکیں (معاون کتاب: تحفہ، کہانی ''چڑیا کا بچّہ'')
- لکھنے کی تیاری کے لیے مختلف نمونوں پر انگلیاں ، کریون اور پنسل پھیرنا سکھانا۔
- شروع کی آوازوں کی پہچان کروانا۔
- 'ب' سے 'ث' تک حروف تہجی کی پہچان کروانا۔
- اِن حروف پر درست سمت میں انگلی ، کریون ، پنسل پھیرنا سکھانا۔
- طلبا تصاویر کے خاکوں میں درست رنگ بھرنے کی کوشش شروع کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- ماحول ، اشیا ، تختۂ نرم ، تختۂ تحریر ، رنگین کریون/ پنسلیں ، پُتلیاں/کٹ آؤٹس
- اُردو کا گلدستہ 'کلیاں' صفحات ۱ سے ۷
- اُردو خوشخطی سلسلہ 'حصّہ ابتدائی' صفحات ۱ سے ۱۱
- معاون کتاب 'تحفہ' کہانی ' چڑیا کا بچّہ' صفحات ۱ سے ۵
- مددگار کتاب 'حروف کی کہانیاں' صفحات ۱ سے ۷ ، فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۱ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔


اس عمر کے بچے اسکول آتے ہوئے بہت گھبراتے ہیں۔ پہلی بار گھر سے الگ ہونا اور امّی کا ساتھ چھوٹنا اُن کے لیے بہت ناخوشگوار ہوتا ہے۔ دراصل یہ احساسات غیر محفوظ ہونے کے ہیں جن میں بہت سے خوف شامل ہوتے ہیں۔ جتنی جلد معلّمہ/ معلّم بچے کو ماحول اور اپنے آپ سے مانوس کروالے گا اتنی ہی جلد بچے کا سیکھنے کا عمل شروع ہو سکے گا۔ کچھ بچوں کے لیے مانوس ہونے اور اپنے آپ کو محفوظ سمجھنے کا وقفہ لمبا ہوتا ہے اور کچھ بچے جلد ہی اس مرحلے سے گزر جاتے ہیں۔ ضروری ہے کہ ہر بچے پر انفرادی توجہ دی جائے اسے احساس دلایا جائے کہ وہ محبت کرنے اور خیال رکھنے والے لوگوں میں ہے۔ اسکول کا تاثر منفی سے مثبت کرنے کے لیے نہ صرف ماحول کا پرکشش ہونا ضروری ہے بلکہ ایک دلی تعلق قائم کیا جانا از حد ضروری ہے کیوں کہ بچے دل کی زبان سمجھتے ہیں۔



کچھ انگلیوں کی پُتلیاں بنا کر اُن کے ذریعے کچھ باتیں کہنا مفید ہوتا ہے۔

یہ موزوں پر آنکھوں کے لیے بٹن اور دھاگے سے منھ بنا کر بنائی جا سکتی ہیں اور گتے کے چھوٹے ٹکڑوں پر تصویر بنا کر انگلی کے سروں پر پہن کر حرکت دے کر دلچسپ آواز میں 'السلام علیکم' آپ کیسے ہیں ، وغیرہ کے جملے کہنے سے بچے مطمئن اور محفوظ ہوتے ہیں۔

اسی طرح رُوئی بھرے کھلونوں کو بھی پُتلیوں کی طرح استعمال کیا جا سکتا ہے۔



نوٹ: شروع کے دنوں میں بچوں کو مانوس اور مطمئن (Comfortable) کرنا از حد ضروری ہے۔ اس مرحلے سے گزرنے کے بعد ہی بچہ ذہنی اور جذباتی طور پر سیکھنے کے عمل کو شروع کر سکتا ہے۔ اس کے لیے وقت دینا لازمی ہے۔

- بچوں کو اپنے آپ سے مانوس کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کیجیے۔ گود میں لینا۔ دری / قالین پر اُن کے ساتھ بیٹھ کر اپنی اور اُن کی پسندیدہ چیزوں ( کھانے پینے ، کھیلنے ...... ) کے بارے میں غیر رسمی گفتگو کیجیے۔

- اسکول کا دورہ کروایئے۔ اہم جگہیں دکھایئے۔ اسٹاف / عملے سے متعارف کروایئے۔
- کھلی جگہ پر کچھ کھیل کھیلیے ، مثلاً پکڑم پکڑائی ، اُونچ نیچ۔
- بسم اللہ کا کھیل کھیلیے۔


  آپ جب بسم اللہ کہیں تو وہ کام بچے کریں گے۔ اگر نہیں کہیں تو نہیں کریں گے۔

  مثلاً بسم اللہ دونوں ہاتھ اوپر اٹھایئے۔ (بچے دونوں ہاتھ اٹھائیں)


  دونوں ہاتھ اٹھایئے۔ (بچے ہاتھ نہیں اٹھائیں گے کیوں کہ بسم اللہ نہیں کہا گیا۔)
- ماحول میں پائی جانے والی اشیا کے اُردو نام بتایئے۔

  اُن کے شروع کی آوازیں بتایئے ، مثلاً دیوار ۔ دَ ، پنسل ۔ پَ ، میز ۔ م
- ایک ٹوکری میں مختلف اشیا مثلاً گیند ، باجا ، بطخ ، گڑیا وغیرہ رکھیے۔ آنکھیں بند کر کے اٹھایئے پھر دیکھ کر اس چیز کا نام اور اس کے شروع کی آواز بتایئے۔

  اب بچوں سے بھی یہی کروایئے۔
- کھلی جگہ پر یا برآمدے (corridor) یا جماعت میں ہی فرش پر بڑا سا تیر کا نشان بنایئے اور اُس پر بچوں کو درست سمت میں چلنے کی ہدایت دے کر چلوایئے۔



اسی طرح مخالف سمت سے اور عمودی اور افقی تیر کے نشانات پر چلنے کی مشق کروائیے۔






- اسی طرح شروع کے نقطے کی پہچان کروائیے کہ اس نقطے سے شروع کرنا ہے اور آگے بڑھنا ہے۔


نوٹ: گتّے کے بڑے کٹ آؤٹ (تیر کے نشان) بنا لینے سے یہ سرگرمی آپ بار بار کروا سکتے ہیں ان کٹ آؤٹس کو زمین پر رکھیے۔ ان کی سمت میں چلوائیے پھر ان کا رخ بدل کر یہی سرگرمی بار بار کروائیے۔

- طلبا کی کتابوں سے دوستی کروائیے اور پڑھنے اور لکھنے کا شوق پیدا کیجیے۔
- اُردو کا گلدستہ 'کلیاں' کے ساتھ معاون کتاب 'تحفہ' اور اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی دکھائیے اور بتائیے کہ یہ سب کتابیں ہم مزے سے پڑھیں گے ان میں کام کریں گے۔
- کتاب 'کلیاں' کا تعارف کروائیے۔ سرورق دکھائیے اور اس کے بارے میں بات کیجیے۔
- کیا نظر آ رہا ہے؟
- کیا کیا چیزیں ہیں؟
- کون سی چیزیں کن رنگوں کی ہیں؟ (آپ خود بھی بتاتے رہیے)
- لکھی ہوئی عبارات (نام...... پری نرسری کے لیے ، اُردو کا گلدستہ) پڑھ کر بتائیے تا کہ بچے تصویر اور عبارت کا فرق جان سکیں۔
- سرورق پر موجود گڑیا کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- کیا پہنا ہے؟ کن رنگوں کا ہے؟
- بال کیسے ہیں؟ ہاتھوں میں کیا ہے؟
- بتائیے کہ ربن کس رنگ کے ہیں؟
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۱ کھلوائیے۔ دائیں سے بائیں اور اُوپر سے نیچے لکھنے کی مشق کے لیے دیا گیا یہ صفحہ بغور دیکھنے کی ہدایت کیجیے۔

- صفحے کے اُوپر کی جانب دیے گئے icons کی وضاحت کیجیے۔ ہدایات پڑھ کر سنائیے۔

 دیکھیے  لکھیے  رنگ بھریے

- بتائیے کہ ہمیں اس مرغی کو اس کے دڑبے، مچھلی کو برتن اور چڑیا کو اُس کے گھونسلے تک پہنچانا ہے۔
- دیے گئے چہروں پر نقطے لگانے ہیں۔
ایک تصویر بورڈ پر بنا دیجیے۔
(مناسب ہوگا کہ پورا صفحہ ہو بہو بورڈ پر بنا کر
تمام چیزوں کی وضاحت کردی جائے)



- شروع کے نقطے کی وضاحت کرکے درست سمت میں انگلیاں پھروائیے۔
- پھر پنسل یا کریون سے درست سمت میں نامکمل لکیریں مکمل کروائیے۔
- مرغی، مچھلی، چڑیا اور گملوں کے خاکوں میں رنگ بھروائیے۔
- ہاتھوں کی حرکت پر قابو کرکے تصاویر کے اندر درست رنگ بھرنا، طلبا کو درست لکھنے کی لیے تیار کرتا ہے۔
- شروع کے نقاط اور تیر کے نشان کا مقصد سمجھاتے رہیے۔ اور خوشخطی حصّہ ابتدائی کے صفحات نمبر ۱ سے ۵ تک کا کام مناسب وقفوں سے کروائیے۔ اس بات پر انفرادی توجہ دیجیے کہ بچے درست سمت میں نمونے بنارہے ہوں۔
(ان صفحات کو طلبا کے معیار اور اپنے وقت کے لحاظ سے دو یا تین دن میں کروایا جا سکتا ہے۔)
- نظم 'پیار بھرا ہر ایک اشارہ' 'کلیاں' صفحہ نمبر ۲ دکھاتے ہوئے پڑھوائیے۔ نظم کے لیے دیکھیے 'کلیاں' کا ہدایات برائے اساتذہ کا صفحہ نمبر ۵۳۔
- صفحے پر موجود چیزوں کو بغور دیکھنے کی ہدایت کیجیے۔ اُن سے پوچھیے کہ کیا کیا نظر آرہا ہے؟ اس طرح وہ اِن تمام چیزوں کے اُردو نام بھی جان جائیں گے۔
- اسی کے ساتھ شروع کی آوازیں پوچھیے اور بتائیے۔
مثلاً پہاڑ ۔ پَ ...... وغیرہ
- نظم بار بار ترنم سے دہرانے سے بچے ذخیرۂ الفاظ کو درست طریقے سے ادا کرنا سیکھ جاتے ہیں۔

نوٹ: اللہ کے مہربان اور پیارا ہونے کی وضاحت بہت اچھی طرح کرتے رہیے۔

## پہلا اور دوسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- منتخب ذخیرۂ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کر سکیں۔
- شروع کی آواز کی پہچان کر سکیں۔
- 'ب' کی پہچان کر سکیں۔
- 'ب' درست طریقے سے لکھ سکیں۔
- کہانی 'چڑیا کا بچّہ' کی تصویر بغور دیکھ سکیں اور کہانی سمجھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- کلیاں صفحہ نمبر ۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۶
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'چڑیا کا بچّہ'
- 'ب' کے ذخیرۂ الفاظ پر مبنی تصاویر اور حقیقی اشیا، مثلاً بکری، بطخ، بلّی، بادل، بوندیں

### طریقۂ کار:

- فلیش کارڈز کی پانچ سے سات منٹ پڑھائی کروائیے۔
- 'ب' کی آواز کا تعارف کروائیے۔

کہانی: بکری، بلّی اور بطخ ایک باغ میں کھیل رہے تھے کہ اچانک بادل آئے اور بوندیں گرنا شروع ہوگئیں، بکری نے بلّی اور بطخ سے کہا کہ بھاگو بارش ہورہی ہے۔ پھر وہ بارش سے بچنے کے لیے چُھپ گئے۔ (حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲)

- کہانی سنانے کے بعد ذخیرۂ الفاظ بول کر آواز کی مشق کروائیے، مثلاً

بَ ۔ بکری، بَ ۔ بطخ، بَ ۔ بلّی، بَ ۔ بادل، بَ ۔ بارش، بَ ۔ بوندیں، بَ ۔ بچنے

آواز کی مشق کے بعد بورڈ پر بڑا سا 'ب' بنائیے اور بتائیے کہ آج ہم نے یہ آواز سیکھی ہے۔

- کل والے کٹ آؤٹ کی مدد سے سنائی گئی کہانی کا مختصراً اعادہ کیجیے۔

☆ نظم 'میں نے بلّی پالی' حرکات وسکنات اور الفاظ کے اتار چڑھاؤ سے سنائیے۔

- بچوں کو باہر لے جا کر یا کمرۂ جماعت کے اندر Sand Tray پر 'ب' بنائیے اور بچوں کا ہاتھ پھِروائیے۔

اسی طرح ہوا میں جلد پر، انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ب' بنوایئے تاکہ بچوں کا دائیں سے بائیں ہاتھ رواں ہو جائے۔

☆ بلّی کا کٹ آؤٹ بنا کر رنگ بھروا کے بچوں کو گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔
☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲ دکھایئے اور تصویروں کے بارے میں پوچھیے۔

- نظم کا اعادہ کروایئے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳ کھولیے اور نیچے لکھی گئی عملی سرگرمیاں کروایئے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳ کھول کر رکھیے اور بچوں کو صفحے کا بغور جائزہ لینا سکھایئے۔ صفحہ پر موجود اشیا کے بارے میں گفتگو اور سوالات کیجیے کہ:
- آپ کو کیا کیا نظر آرہا ہے؟
- آپ کے خیال میں یہ سب یہاں کیوں جمع ہیں؟
- صفحہ پر موجود 'ب' میں پانچ بار رنگین پنسلوں سے 'ب' بنوایئے اور انفرادی توجہ دیجیے۔
- 'ب' سے شروع ہونے والی چیزوں کے خاکوں میں رنگ بھروایئے اور دھیان رکھیے کہ طلبا خاکوں کے اندر درست طریقے سے رنگ کرسکیں۔ اس مشق کا کرانا اس لیے ضروری ہے کہ طلبا کی پنسل پر گرفت مضبوط ہو سکے اور وہ درست لکھائی کے لیے تیار ہوسکیں کام کے دوران آواز کا اعادہ کروایئے۔
- نظم کا اعادہ کروایئے 'ب' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۶ چاک کی مدد سے بورڈ پر بنایئے۔
- بچوں کا سیدھا بازو ہوا میں اٹھا کر دائیں سے بائیں حرکت کروایئے تاکہ بڑے عضلات کی مدد سے صحیح اشکال بنانے پر قادر ہوسکیں۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۶ کروایئے دھیان رہے کہ طلبا شروع کے نقطے اور تیر کے نشان کا خیال رکھتے ہوئے درست سمت میں لکھائی کریں۔
- تصویروں میں رنگ بھروایئے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲ سے 'ب' سے شروع ہونے والی چیزوں کا اعادہ کروایئے۔
- معاون کتاب: تحفہ، صفحہ نمبر ۲ کی کہانی، 'چڑیا کا بچّہ' کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ دیکھیے ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۱۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں 'ب' کی لکھائی کروایئے۔

## تیسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ :

- ’ب‘ کا اعادہ کر سکیں۔
- ’پ‘ کی پہچان کر سکیں اور ’پ‘ کے بڑے حرف میں درست سمت میں پنسل پھیر سکیں۔

### مددگار مواد:

- کلیاں کا صفحہ نمبر ۴
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۷ ، حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳
- ’پ‘ سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز ، مثلاً پانی ، پپّو ، پتنگ ، پتّے
- حقیقی اشیا: پتّے ، پودے ، پتنگ کے کٹ آؤٹس

### طریقۂ کار:

- ’پ‘ کی آواز کا تعارف کروائیے۔

کہانی: ایک دن پپّو پتنگ اُڑا رہا تھا۔ وہاں درخت پر بہت سارے پتّے تھے۔ تھوڑے فاصلے پر پانی پڑا ہوا تھا۔ پتنگ اُڑاتے اُڑاتے اس کا پاؤں پانی میں پڑا اور اس کا پیر پھسل گیا۔

- کہانی سے ’پ‘ کے الفاظ کی پہچان کروائیے۔
- بورڈ پر بڑا سا ’پ‘ بنا کر دکھائیے اور بتائیے کہ یہ وہ آواز ہے جو آج ہم نے سیکھی ہے۔

☆ پودوں کو پانی دلوائیے۔


☆ کل والے کٹ آؤٹس کی مدد سے سنائی گئی کہانی کا مختصراً اعادہ کروائیے۔

- ہوا ، ریت ، جلد پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے ’پ‘ بنوائیے۔
- تحفہ کی کہانی ’چڑیا کا بچہ‘ کا اعادہ کروائیے۔

☆ پتنگ بنوائیے / پتّے کی پرنٹنگ کروائیے اور گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔

- کلیاں کے صفحہ نمبر ۴ کے نیچے لکھی گئی سرگرمیاں کروائیے۔
- بچّوں کے سامنے کلیاں کے صفحے پر موجود اشیا کے بارے میں گفتگو اور سوالات کیجیے۔
- تصاویر کے اُردو نام بتائیے اور ’پ‘ میں ۵ بار رنگین پنسلوں سے ’پ‘ بنائیے اور تصاویر میں رنگ بھروائیے۔
- ’پ‘ کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۷ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔

## چوتھا ہفتہ



### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ’ب‘ کا اعادہ کرسکیں۔
- ’پ‘ کی پہچان کرسکیں۔
- ’پ‘ درست طریقے سے لکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- کلیاں کا صفحہ نمبر ۴
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی کا صفحہ نمبر ۷
- ’پ‘ سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز، مثلاً پانی ، پپّو ، پتنگ ، پتّے ، پاس
- اصلی پتّا Printing کے لیے
- اصلی پودے ، پتنگ کے کٹ آؤٹس
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳

### طریقۂ کار:

- ’پ‘ کی آواز کا تعارف کروائیے۔

☆ تصاویر کے کٹ آؤٹ کی مدد سے کہانی سنائیے۔

**کہانی:** ایک دن پپّو پتنگ اُڑا رہا تھا ، وہاں درخت پر بہت سارے پتّے تھے۔ وہاں تھوڑے فاصلے پر پانی پڑا ہوا تھا ، وہ پتنگ اُڑاتے اُڑاتے وہاں تک پہنچا اس کا پیر پھِسلا اور وہ گر گیا۔ (دیکھیے حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳)

- آواز کی مشق کے لیے بورڈ پر بڑا سا ’پ‘ بنایئے اور بتایئے کہ آج ہم نے جو آواز سیکھی وہ اس حرف کی آواز ہے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں ’پ‘ کی لکھائی کروائیے۔
- حروف کی کہانیاں سے صفحہ نمبر ۳ کے بارے میں گفتگو کیجیے۔ چیزوں کے نام پوچھیے۔

☆ پتّے کی پرنٹنگ کروائیے۔

☆ پتنگ تیار کر کے جماعت میں سجائیے۔ پتنگ کے کٹ آؤٹس بنا کر رنگ بھروائیے۔

# پانچواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ت' کی پہچان کر سکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کر سکیں۔
- 'ت' کی لکھائی کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر، کلیاں صفحہ نمبر ۵
- 'ب ، پ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- 'ت' سے شروع ہونے والی اصل اشیا یا ان کے کارڈز
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۸ ، حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۴
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'چڑیا کا بچّہ'

## طریقۂ کار:

- 'ت' کی آواز کا تعارف کروائیے۔

☆ تصاویر کے کٹ آؤٹ کی مدد سے کہانی سنائیے۔

کہانی: تارا نے تین تتلیاں دیکھیں جو کہ تین پھولوں پر بیٹھی تھیں ، تارا نے تینوں تتلیوں کی تصویریں بنائیں ، اس طرح تارا کے پاس تین تصویریں جمع ہوگئیں۔ (دیکھیے حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۴)

- کہانی کے ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروائیے۔ جیسے کہانی میں موجود الفاظ ، مثلاً تین ، تتلیاں ، تارا ، تصویریں
- آواز کی مشق کے بعد بورڈ پر بڑا سا '  ' بنائیے اور بتائیے کہ آج ہم نے

او تتلی ، او تتلی<br>
لے کر ذرا ہمیں اُڑ جا تو<br>
یا پھر ہمیں بھی اُڑنا سکھا تو<br>
او تتلی ، او تتلی<br>
ہم بھی دیکھیں دنیا اُوپر سے<br>
پھولوں کو چُومیں ، اپنی نظر سے<br>
او تتلی ، او تتلی

یہ آواز سیکھی ہے جو کہ اس حرف کی آواز ہے۔

☆ کارڈ شیٹ کا چوکور فریم بنا کے اس پر تصویر چپکوایئے ، مثلاً بچوں ، پھولوں اور جانوروں کی تصویریں۔


- تحفہ کی کہانی 'چڑیا کا بچّہ' کا اعادہ کروایئے اور سوالات کیجیے۔
- کل والے کٹ آؤٹ کی مدد سے سنائی گئی کہانی کا مختصراً اعادہ کروایئے۔

☆ نظم ''تتلی'' حرکات و سکنات اور آواز کے اتار چڑھاؤ سے سنایئے۔
او تتلی او تتلی

- ریت ، ہوا ، میز اور جلد پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ت' بنوایئے۔

☆ تربوز کی قاش کی Pasting یا Colouring یا Printing کروا کے گھر بھجوا دیجیے۔

- نظم / کہانی کا اعادہ کروایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۵ سے لکھی گئی سرگرمیاں کروایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۵ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- نظم / کہانی کا اعادہ کروایئے۔ 'ت' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۸ کروایئے اور تصویروں میں رنگ بھروایئے۔
- تحفہ ، صفحہ نمبر ۶ کے مشاہداتی سوالات کیجیے۔
- گزشتہ کرائے گئے کاموں کا اور آواز کا اعادہ کروایئے۔
- کاپی / ورک شیٹ پر 'ت' کی لکھائی کروایئے۔



## چھٹا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ٹ' کی پہچان کرسکیں۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ٹ' کی لکھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- 'ب ، پ ، ت' کا ذخیرۂ الفاظ
- 'ٹ' سے شروع ہونے والی اصلی اشیا اور فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- کلیاں کا صفحہ نمبر ٦
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ٩ ، ١٠
- معاون کتاب : تحفہ، کہانی 'چڑیا کا بچّہ'

### طریقۂ کار:

- 'ٹ' کی آواز کا تعارف کروایئے۔

☆ 'ٹ' سے شروع ہونے والی اشیا ٹوکری میں رکھ کر ان کا تعارف کروایئے۔

☆ ذخیرۂ الفاظ: ٹوکری ، ٹرک ، ٹوپی ، ٹماٹر ، ٹیلی فون کے فلیش کارڈز بنا کر دکھایئے یا 'ٹ' کے الفاظ پر مشتمل کہانی (کٹ آوٹس سے) بنا کر اس کے ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروایئے۔ (حوالہ: حروف کی کہانیاں)

- آواز کی مشق کے بعد بورڈ پر بڑا سا 'ٹ' بنایئے اور بتایئے آج ہم نے اس حرف کی آواز سیکھی ہے۔

☆ نظم 'ٹوٹ بٹوٹ کے دو مرغے' سنایئے۔


ٹوٹ بٹوٹ کے دو مرغے　　　دونوں تھے ہشیار
اک مرغے کا نام تھا گیٹو　　　اک کا نام گیٹار
اک مرغے کی دُم تھی کالی　　　اک مرغے کی لال
اک مرغے کی چونچ نرالی　　　اک مرغے کی چال
ٹوٹ بٹوٹ کے دو مرغے　　　دونوں تھے ہشیار

- کل والے کٹ آؤٹس کی مدد سے سنائی گئی کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- ریت ، ہوا ، میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ٹ' بنوائیے۔
- تحفہ کی کہانی کا اعادہ کروائیے صفحہ نمبر ۵ پر ملائیے والا کام کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۹ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۴ کے نیچے دی گئی عملی سرگرمیاں کروائیے اور تصاویر کے مطابق گفتگو ، سوالات کیجیے اور اُردو نام بتائیے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۴ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- تحفہ کی کہانی 'چڑیا کا بچہ' کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱۰ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔

☆ ٹوکری / ٹماٹر کے کٹ آؤٹس بچوں کے گھر بھجوائیے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- فلیش کارڈز کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی / ورک شیٹ میں 'ٹ' کا کام کروائیے۔


ملائیے :



مقصد : ایک جیسے کی پہچان۔

سرگرمیاں :

- کہانی کے پسندیدہ منظر کی تصاویر بنانے کے لیے ترغیب دیجیے۔
- بچّوں کے کردار بنا کر کہانی کا ڈراما (رول پلے) کروائیے۔
- جانور اور ان کے گھروں کے بارے میں معلومات اور ذخیرۂ الفاظ دیجیے (پرندے۔گھونسلے ، چوہے/ سانپ ، بل) ممکن ہو سکے تو اصلی گھونسلا دکھائیے۔تنکوں سے جماعت میں گوند کی مدد سے گھونسلا بنوایا بھی جاسکتا ہے۔
- کھیل ، کہانی میں جب 'چ' کا لفظ آئے بچّوں سے کہیے تالی بجائیں۔ اسی طرح مختلف حروف کے ساتھ یہ کھیل کھیلیے۔

۵

OXFORD UNIVERSITY PRESS

معاون کتاب: تحفہ

# ساتواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ :

- 'ث' کا تعارف اور پہچان کرسکیں۔
- 'ث' کی لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- 'ب ، پ ، ت ، ٹ' کے ذخیرۂ الفاظ
- ثمر کے لیے مختلف پھلوں کے کٹ آؤٹس
- تختۂ تحریر
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۶
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۱۱
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'چڑیا کا بچّہ'

## طریقۂ کار:

- 'ث' کی آواز کا تعارف کروایئے۔

☆ 'ث' کے ذخیرۂ الفاظ سے متعلق کوئی کہانی / نظم سنایئے یا کلیاں کی عملی سرگرمیاں کرواکے ذخیرۂ الفاظ: ثمر ، ثمن ، ثاقب کے فلیش کارڈز سے آواز کی مشق کروایئے۔


☆ پھلوں کی تصویروں سے ثمر بنایئے۔

- بورڈ پر 'ث' بنا کر آواز کی پہچان کروایئے۔
- ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ث' بنوایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۷ پر کام کروایئے رنگ بھروایئے اور آواز کا اعادہ کروایئے۔
- تحفہ کی کہانی کا اعادہ کروایئے۔ اس کہانی کی سرگرمیاں کروایئے ، دیکھیے معاون کتاب: تحفہ صفحہ نمبر ۵
- گزشتہ ۲ دنوں میں کرائے گئے الفاظ اور آوازوں کا اعادہ کروایئے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱۱ کروایئے اور رنگ بھروایئے۔

☆ ثمر کے بنوائے گئے کٹ آؤٹس بچوں کے گھر بھجوادیجیے۔

- تحفہ کی کہانی 'چڑیا کا بچّہ' کے صفحہ نمبر ۵ کی سرگرمی کروایئے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- ورک شیٹ / کاپی میں 'ث' کا کام کروایئے۔

لکھیے | رنگ بھریے



مقصد: طلبا 'ش' لکھنے کی تیاری کرسکیں۔ نوٹ: طلبا سے دو نقطے نیچے اور ایک اوپر لکھنے کی مشق کروائیے۔



اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ ابتدائی

## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو نیا ذخیرۂ الفاظ بصری طریقے سے پڑھنا سکھانا۔
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'مانو' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز (مانو، نہیں، علی، امّی) پڑھنے کے قابل بنانا۔
- 'ج، چ، ح، خ' کی آوازیں سکھانا۔
- ان حروف کو لکھنے کی اہلیت پیدا کرنا۔
- حروفِ تہجی کی 'ب سے خ' تک ترتیب جاننے کے قابل بنانا۔

نوٹ: بچوں کو ماحول سے مانوس ہونے میں دیر ہوسکتی ہے اور اس کے سبب پہلے یونٹ کا کچھ کام (مثلاً وہ حروف جو باقی رہ گئے ہوں) اس یونٹ کے شروع میں کروایا جا سکتا ہے۔ دی گئی منصوبہ بندی میں یہ تبدیلی کرنے کے لیے اس یونٹ میں وقت میسر ہوگا۔ کیوں کہ یہاں صرف چار حروف سکھانے ہیں اور بچے ماحول سے مانوس ہونے کی وجہ سے جلد سیکھنا شروع کردیتے ہیں۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (تحفہ کی کہانی 'مانو' کا ذخیرۂ الفاظ اور 'ب' سے 'خ' تک کے حروفِ تہجی) اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- کھلونے، حقیقی اشیا جو ان آوازوں سے شروع ہوتی ہوں۔
- کلیاں صفحات نمبر ۸ سے ۱۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ۱۲ سے ۱۶
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'مانو' صفحات نمبر ۶ سے ۱۰
- کاپی/ ورک شیٹ، حروف کی کہانیاں صفحات نمبر ۸ سے ۱۲

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۲ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## پہلا اور دوسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ :

- 'ج' کی پہچان کرسکیں۔
- 'ج' کا ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- 'ج' کی نمونہ لکھائی کرسکیں۔
- 'ج' کی لکھائی کرسکیں۔
- کہانی 'مانو' کے فلیش کارڈز پڑھ سکیں (بصری طریقۂ تدریس سے پڑھائے جانے والے الفاظ)

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- فلیش کارڈز
- اصلی اشیا، مثلاً جلیبی ، جوتا ، جامن وغیرہ
- کلیاں صفحہ نمبر ۸
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ۱۲ ، ۱۳
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۸

### طریقۂ کار:

- 'ج' کی آواز کا تعارف کروائیے۔

کہانی: جنگل میں بہت سارے جانور رہتے تھے۔ ایک دن کچھ شکاری جیپ پر بیٹھ کر آئے تھے۔ انھوں نے جانوروں کو پکڑنے کے لیے جال بچھائے۔ جواد کا جوتا ٹوٹ گیا (دیکھیے حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۸)

- کہانی کے ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروایئے ، مثلاً جنگل ، جانور ، جیپ ، جال وغیرہ

☆ جوتے کے تسمے (فیتے) باندھنا سکھایئے۔ بورڈ پر بڑا سا 'ج' بنا کر آواز بتایئے۔

☆ ج سے جگ پھر جگ سے گلاس میں پانی ڈالیے ، آواز کی پہچان اور حرف کا تعلق بتایئے۔

☆ سنائی گئی نظم / کہانی کا فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروایئے۔

- ہوا ، ریت ، جلد پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ج' بنوایئے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱۲ کروایئے۔

- معاون کتاب: تحفہ کی کہانی 'مانو' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے: | مانو | ، | نہیں | ، | علی | ، | امّی | ۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۸ کھلوائیے اور اس میں بنی اشیا کا تعارف کروائیے اور تصاویر کے اُردو نام بتائیے۔
- صفحے کے نیچے دی گئی عملی سرگرمیاں کروائیے ، کلیاں کا کام کروائیے ، آواز کا اعادہ کروائیے۔
- آواز کی مشق کا اعادہ کروائیے۔ فلیش کارڈز کی دہرائی کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱۳ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔

☆ جال/ جالی ، سُتلی/ کارڈ شیٹ کی مدد سے بنا کر بچوں کے گھر بھجوادیجیے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔

# تیسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ :

- 'چ' کی پہچان کر سکیں۔
- 'چ' کا ذخیرۂ الفاظ بتا سکیں۔
- 'چ' کی پہچان اور لکھائی کر سکیں۔
- 'ج اور چ' میں فرق کر سکیں۔
- کہانی 'مانو' (تحفہ) کے ذخیرۂ الفاظ بصری طریقۂ تدریس سے پہچان سکیں۔

## مددگار مواد:

- بصری الفاظ کے فلیش کارڈز
- کاپی میں لکھا گیا 'ج'
- 'چ' سے شروع ہونے والی اشیا یا ان کے تصویری فلیش کارڈز
- اصلی اشیا: چاک ، چینی ، چمچ ، چنے ، چاول ، چوکور کاغذ ، چادر ، چابی ، چشمہ
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۱۴

## طریقۂ کار:

- 'چ' کی آواز کا تعارف کروایئے۔

☆ 'چ' کا ذخیرۂ الفاظ بتایئے اور حقیقی اشیا ، مثلاً چاک ، چینی ، چاول ، چنے ، چوکور کاغذ ، چمچہ ، چادر ، چابی ، چشمہ دکھایئے۔

- بورڈ پر بڑا سا 'چ' بنا کر دکھایئے۔'ج' سے مختلف ہونے کی وضاحت کیجیے کہ اس کے تین نقطے ہیں۔


☆ کمرۂ جماعت کی چار چیزیں دکھایئے اور گنتی گنیے۔

- کل سنائی گئی نظم / کہانی کا اعادہ کروایئے۔
- 'چ' ہوا ، ریت ، میز ، جلد پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے لکھوایئے۔

☆ چیونٹی کے کٹ آؤٹ بنا کر رنگ بھروا کر بچوں کے گھر بھجوایئے۔

- معاون کتاب: تحفہ سے کہانی 'مانو' سنایئے اور اس کے بارے میں گفتگو کیجیے۔
- فلیش کارڈز کا اعادہ کروایئے۔ طلبا بصری یادداشت کے طریقے سے بہت جلد الفاظ پہچاننے لگتے ہیں۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۹ کی عملی سرگرمیاں ، تعارف ، سوالات ، اُردو نام کروایئے۔
- کہانی کا اعادہ کروایئے۔ کہانی 'مانو' (تحفہ) ، آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱۴ کروایئے اور رنگ بھروایئے۔

- ’کلیاں‘ کے صفحات نمبر۱۰ اور ۱۱ پر دی گئی عملی سرگرمی ، تصویری تفہیم کروائیے۔ ہدایات برائے اساتذہ دیکھیے اور صفحہ نمبر ۵۴ سے کہانی پڑھ کر سنانے کے بعد سوالات کیجیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- نظم/ کہانی کا اعادہ کروائیے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں ’چ‘ کا کام کروائیے۔
- معاون کتاب: تحفہ سے کہانی ’مانو‘ کے مشاہداتی سوالات کیجیے۔



## چوتھا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ج ، چ' کا اعادہ کرسکیں۔
- 'ح ، خ' کی پہچان کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- 'ب سے چ' ذخیرۂ الفاظ اور حروف کے فلیش کارڈز
- 'ح ، خ' سے شروع ہونے والی اشیا یا ان کے تصویری فلیش کارڈز ، رُوئی ، سفید ٹشو پیپر کے ٹکڑے
- کلیاں صفحہ نمبر ۱۲
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۱۵ ، حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۰
- معاون کتاب : تحفہ ، کہانی 'مانو'

### طریقۂ کار:

- 'ح' کا تعارف کروائیے۔

کہانی: حارث نے حاجی صاحب کی دُکان سے گرما گرم حلوہ پُوری کا ناشتہ کیا۔ پھر اپنے ایک دوست حالی کے پاس گئے۔ وہاں دوپہر کے کھانے میں حلیم کھایا۔ گھر آتے ہوئے پیٹ میں درد سے حالت بُری ہوگئی۔ حکیم سے دوائی لی ، پی کر کچھ حال بہتر ہوا۔ اس کا دوست حیدر ، حلوائی سے حلوا بھی لایا تھا۔ (حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۰)

- ذخیرۂ الفاظ: حارث ، حالی ، حاجی ، حلوہ ، حالت ، حلیم ، حکیم ، حال ، حلوائی ، حیدر
- 'ح' بنا کر بتائیے کہ یہ اس حرف کی آواز ہے۔
- ریت ، ہوا ، میز ، سلیٹ پر چاک کی مدد سے اور انگلیوں کی مدد سے 'ح' لکھوائیے۔
- کہانی کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔ آواز کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۱۲ کی عملی سرگرمیاں اور کام کروائیے اور پھر رنگ بھی بھروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱۷ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے کاپی یا ورک شیٹ پر کام کروائیے۔
- تحفہ سے کہانی 'مانو' کے صفحہ نمبر ۱۰ کی سرگرمیاں کروائیے۔ خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱۵ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- کاپی یا ورک شیٹ میں 'ح' لکھوائیے۔

## پانچواں ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ :

- 'ج ، چ ، ح' کا اعادہ کر سکیں۔
- 'خ' کی پہچان کر سکیں۔
- 'خ' لکھنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- 'ب' سے 'خ' کے فلیش کارڈز
- 'خ' سے شروع ہونے والی اشیا (خط ، خالی بوتل ...... )
- کلیاں صفحہ نمبر ۱۳ ، اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۱۶

### طریقۂ کار:

- 'خ' کا تعارف کروایئے۔ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۳
- نقطوں کی وضاحت کروادیجیے۔
- 'خ' کے ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروایئے۔


کہانی: حیدر اور جواد ، خالو جان کے ساتھ جنگل میں گئے ہوئے تھے وہاں انھوں نے خالی ڈِبّے میں خرگوش پکڑا اور سب خوش ہوئے۔ انھوں نے پیچھے دیکھا تو خطرے کا نشان بنا ہوا تھا۔ خالو جان نے بتایا اس نشان سے آگے جانا خطرناک ہوسکتا ہے کیونکہ وہاں بہت سے خونخوار اور خوفناک جانور رہتے ہیں۔

☆ طلبا کو بتایئے کہ جہاں خطرے کا یہ نشان ہو وہاں قریب نہیں جانا چاہیے۔
☆ خربوزہ کاٹ کر کھلایئے۔
☆ خالی اور بھری ہوئی چیزوں کا تصور واضح کیجیے۔
☆ خرگوش کے کٹ آؤٹ میں سفید ٹشو پیپر یا سفید رُوئی چپکوایئے۔

- بورڈ پر بڑا سا 'خ' لکھ کر بتایئے کہ یہ اس حرف کی آواز ہے۔
- کہانی کا اعادہ کروایئے۔ ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کروایئے۔
- ریت ، ہوا ، میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'خ' بنوایئے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۱۳ کا کام کروایئے ، رنگ بھروایئے اور اس کی عملی سرگرمیاں کروایئے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۱۶ میں کام کروایئے۔

- کاپی یا ورک شیٹ میں کام کروایئے۔

☆ نظم 'میں نے بلّی پالی ہے' 'کلیاں' صفحات نمبر ۱۴ اور ۱۵ کا کام ہدایات برائے اساتذہ صفحہ نمبر ۵۴ سے پڑھ کر کروایئے۔




اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی

## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروانا اور نئے ذخیرۂ الفاظ پڑھنے کے قابل بنانا۔
- بصری طریقۂ تدریس سے کلیاں اور تحفہ (کہانی 'تحفہ') کے فلیش کارڈز پڑھنے کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ کی آوازیں سکھانا۔
- معاون کتاب: تحفہ سے کہانی 'تحفہ' پڑھنا سکھانا۔
- 'ب سے ژ' تک ترتیب وار لکھائی کرنے کے قابل بنانا۔

## مددگار مواد:

- 'ب سے ژ' تک حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- کہانی 'تحفہ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- کھلونے، حقیقی اشیا، تصاویر جو حروفِ تہجی د، ڈ، ذ، ر، ڑ، ز، ژ سے شروع ہوتی ہوں۔
- کلیاں صفحات نمبر۱۶ سے ۲۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر۱۷ سے ۲۴
- معاون کتاب: تحفہ کے صفحات نمبر۱۱ سے ۱۶ پر دی گئی کہانی 'تحفہ'
- حروف کی کہانیاں صفحات نمبر ۱۳ سے ۲۱

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۳ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## پہلا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- منتخب ذخیرۂ الفاظ کی بصری طریقے سے پڑھائی کرسکیں۔
- 'د' کی لکھائی اور پہچان کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- کلیاں، صفحہ نمبر ۱۶
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ۱۷ ، ۱۸
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۳
- 'د' سے شروع ہونے والے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز ، آئینہ
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'تحفہ' کے ذخیرۂ الفاظ: زارا ، ابّو ، یہ ، وہ ، شکریہ ، لو

## طریقۂ کار:

- 'د' کی آواز کا تعارف کروائیے۔

☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۳ کی کہانی سنائیے۔

☆ بچوں سے کہیے کہ اپنے دانت آئینے میں دیکھیں۔ صاف ہیں یا نہیں۔

☆ دانتوں کی صفائی کی اہمیت بتائیے۔ اور بتائیے کہ روزانہ دانت صاف نہ کریں تو اِن میں کیڑا لگ جاتا ہے اور ہم بیمار بھی ہوجاتے ہیں۔

- ذخیرۂ الفاظ: دانیال ، دادا ، دادی ، دانت ، درد ، دوا
- بورڈ پر بڑا سا 'د' بنا کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے۔

☆ دس دانے رسّی میں پروئیے۔

☆ دُنبے کے کٹ آؤٹ میں رُوئی چپکوائیے۔

☆ دانت صاف کروائیے۔

- 'د' کی کہانی کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- 'د' کو ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔


- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'تحفہ' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز دکھائیے۔

☆ دُنبے کا کٹ آؤٹ بچوں کے گھر بھیج دیجیے۔

- خوشخطی سے صفحہ نمبر ۱۷ کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۱۶ خود کھول کر اشیا کا تعارف کروائیے پھر نام بتائیے، گفتگو اور سوالات کیجیے۔
- صفحے کے نیچے دی گئی ہدایات کے مطابق کام کروائیے۔

آواز کا اعادہ کروائیے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کہانی 'تحفہ' کے فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۱۸ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔
- سکھائی گئی آوازوں کا اعادہ کروائیے۔



## دوسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ڈ' کی پہچان کرسکیں۔
- 'ڈ' لکھنا سیکھ سکیں۔
- 'د، ڈ' کا اعادہ کرسکیں اور فرق بتا سکیں۔

## مددگار مواد:

- ڈاکٹر کا سامان
- ڈگڈگی اور بندر کے تماشے کے کٹ آؤٹس (کہانی: رحمدل مداری، اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس کی مدد سے بھی کٹ آؤٹس تیار کیے جاسکتے ہیں۔)
- 'ڈ' کے ذخیرۂ الفاظ، ڈنڈا، ڈھول وغیرہ
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۴، کلیاں صفحہ نمبر ۱۷، اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۱۹


## طریقۂ کار:

- 'ڈ' کی آواز کا تعارف کروائیے۔
  - ☆ 'ڈ' کے ذخیرۂ الفاظ والے کٹ آؤٹس دکھائیے۔ ڈنڈا، ڈھول۔
  - ☆ ڈگڈگی اور بندر کے تماشے کے بارے میں سمجھائیے۔
  - ☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۴ کی کہانی سنائیے۔
  - ☆ ڈاکٹر کا رول پلے کروائیے۔
- 'ڈ' بورڈ پر بنا کر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے۔
- 'ڈ' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔
- 'ڈ' کو ہوا، ریت، میز پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- معاون کتاب: تحفہ سے کہانی 'تحفہ' تصاویر کی مدد سے سنائیے، فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۱۷ کا تعارف، نام، گفتگو، سوالات، عملی سرگرمیاں کروائیے۔
- صفحہ نمبر ۱۷ (کلیاں) کا کام کروائیے، رنگ بھروائیے اور آواز کا اعادہ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۱۹ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔

☆ خالی ڈبے منگوائیے اور ان ڈبوں میں بچوں کی بنائی کوئی چیز یا کٹ آؤٹ رکھ کر رنگین کاغذ لپیٹ کر تحفے کی طرح بچوں کے گھر بھجوائیے۔

- کہانی 'تحفہ' کا اعادہ کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔




اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی

## تیسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ’ذ‘ کی پہچان کرسکیں اور’ذ‘ کی لکھائی کرسکیں۔
- ’د ، ڈ ، ذ‘ کا اعادہ کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- ذائقے کے لیے لیموں ، چینی وغیرہ
- کلیاں صفحہ نمبر ۱۸
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۲۰ ، حروف کی کہانیاں صفحات نمبر ۱۵ ، ۱۶

### طریقۂ کار:

- ’ذ‘ کی آواز کا تعارف کروائیے۔

☆ فلیش کارڈز کی مدد سے’ذ‘ کی کہانی’حروف کی کہانیاں‘ صفحہ نمبر ۱۵ سے سنائیے۔

- ’ذ‘ کے ذخیرۂ الفاظ کےفلیش کارڈز سے آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔

☆ اللہ کا ذکر کیجیے۔ (بچوں کو بتائیے کہ اللہ کی تعریف کو اللہ کا ذکر کہتے ہیں۔)

☆ مختلف کھانے کی چیزوں کا ذائقہ چکھائیے۔ مثلاً لیموں (کھٹّا) ۔ چینی (میٹھی)

- بورڈ پر بڑا سا ’ذ‘ بنا کر بتائیے کہ آج ہم نے اس کی آواز سیکھی ہے۔
- ’ذ‘ کو ہوا ، ریت اور میز پر انگلیوں کی مدد سے اورسلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- ’ذ‘ کے ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروائیے۔
- کہانی ’تحفہ‘ صفحہ نمبر۱۱ کے مطابق کروائیے۔ اور اس کے بارے میں گفتگو کیجیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں کےصفحہ نمبر ۱۸ پر بنائی گئی تصویر، اشیا کا تعارف اور ان کے اُردو نام بتائیے۔
- کلیاں کےصفحہ نمبر ۱۸ کا کام کروائیے۔ رنگ بھروائیے اور آواز کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۲۰ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔

☆ سفید چاک کے ذرّے کسی رنگین کاغذ پر اور رنگین چاک کے ذرّے کسی سفید کاغذ پر چپکوا کر کٹ آؤٹ بچوں کے گھر بھیج دیجیے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔ د ، ڈ ، ذ کا اعادہ کروائیے۔حروف کی کہانی صفحہ نمبر ۱۶ سے کہانی کا اعادہ کیجیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں ’ذ‘ کا کام کروائیے۔

## چوتھا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ر' کی آواز پہچان سکیں۔
- 'ر' لکھنا سیکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- کلیاں صفحہ نمبر ۱۹
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۲۱
- 'ر' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹ ، کاپی
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۷

### طریقۂ کار:

- 'ر' کا تعارف کروائیے ، آواز بتائیے۔

☆ 'ر' کی آواز سے شروع ہونے والے الفاظ پر مشتمل کہانی سنائیے۔


کہانی: چڑیا گھر کی ریل گاڑی ریلوے پھاٹک سے نکلی ، چلتے چلتے ریل گاڑی کئی راستوں سے گزر کر ریچھ کے گھر کے آگے رُک گئی وہاں ریچھ اپنی رسّی توڑ رہا تھا۔ (حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۷)


- ذخیرۂ الفاظ: ریچھ ، رسّی ، ریل گاڑی ، رُک ، ریلوے پھاٹک ، راستے

☆ ''ریل کا انجن پیارا پیارا'' نظم حرکات وسکنات سے پڑھوائیے۔

- بورڈ پر بڑا سا 'ر' بنائیے اور بتائیے کہ آج ہم نے یہ آواز سیکھی۔
- کہانی اور نظم کا اعادہ کروائیے۔
- 'ر' کو ہوا ، میز ، ریت پر انگلیوں کی مدد سے بنوائیے۔
- کہانی 'تحفہ' کا اعادہ اور مشاہداتی سوالات کیجیے۔
- کہانی اور 'ر' کے ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کروائیے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۱۹ کھولیے ، اس میں بنی ہوئی اشیا کی تصویروں کے بارے میں گفتگو کیجیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۱۹ کی عملی سرگرمیاں کروائیے۔ کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- کرائے گئے کاموں کا اعادہ کروائیے۔

- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۲۱ کروایئے اور تصاویر میں رنگ بھروایئے۔
- ☆ کریپ پیپر کا رومال بنا کر بچوں کے گھر بھیج دیجیے۔
- ریل کے ڈبوں کے کٹ آؤٹ کی مدد سے ریل گاڑی بنایئے۔
- کہانی کا اعادہ کروایئے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- کاپی/ ورک شیٹ کا کام کروایئے۔





# پانچواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:
- 'ڑ' کی پہچان کرسکیں۔
- 'ڑ' کی درست لکھائی کرسکیں۔
- 'ر' کا اعادہ کرسکیں۔
- کہانی /نظموں کا اعادہ کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- کلیاں کا صفحہ نمبر ۲۰
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۲۲
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'تحفہ'
- حروف کی کہانیاں صفحات نمبر ۱۸، ۱۹
- 'ڑ' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس

## طریقۂ کار:

- 'ڑ' کا تعارف کروائیے۔

☆ ریچھ اڑڑڑ دھم سے پہاڑ سے نیچے گرا۔ (حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۸)

- بورڈ پر بڑا سا 'ڑ' بنائیے اور آواز کا حرف سے تعلق بتائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ میں بتائیے کہ یہ آخر اور بیچ میں آتا ہے، مثلاً بورڈ پر لکھیے:
  پہاڑ، جڑ، گاڑی، ان سب میں 'ڑ' پر دائرہ بنادیجیے۔
- ہوا، ریت اور میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ڑ' بنوائیے۔
- بتائیے کہ جو چھوٹی ط 'ڈ' پر بنائی تھی وہی 'ڑ' پر بھی آتی ہے۔
- آواز کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۲۰ کھول کر دوبارہ 'ڑ' کے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان اور جگہ بتائیے، مثلاً
  گاڑی، جڑ، پہاڑ
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۰ پر دی گئی عملی سرگرمیاں اور کام کروائیے۔ رنگ بھروائیے۔
- آواز کا اعادہ کروائیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔


- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۲۲ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔

☆ گاڑی/ پہاڑ/ جڑ کا دائرے والا کٹ آؤٹ بچوں کے گھر بھجوادیجیے۔

- کہانی: 'تحفہ' کا صفحہ نمبر ۱۶ کا کام اور سرگرمیاں کروائیے۔
- 'ز' کا تعارف کروائیے۔

**کہانی:** چڑیا گھر میں ہم نے زیبرا اور زرّافہ بھی دیکھا ، زیبرا زنجیر سے بندھا ہوا تھا۔ پھر دوپہر کے کھانے کا وقت ہوگیا اور ہم نے زمین پر چادر بچھائی اور زردہ کھایا۔ (حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۹)

کہانی کے ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروائیے۔ زیبرا ، زرّافہ ، زنجیر ، زردہ ، زمین




معاون کتاب: تحفہ

## چھٹا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:
- 'ز' کی پہچان کر سکیں۔
- 'ز' کی درست لکھائی کر سکیں۔


### مددگار مواد:

- 'ز' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز اور کٹ آؤٹس
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۲۱
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۲۳
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'تحفہ'
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۹

### طریقۂ کار:

- 'ز' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۱۹ کی کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں صفحہ نمبر ۲۱ سے عملی سرگرمیاں کروائیے۔
- کلیاں صفحہ نمبر ۲۱ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- کہانی 'تحفہ' کا اعادہ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۲۳ کروائیے۔

☆ زیبرے کا کٹ آؤٹ یا سفید کارڈ شیٹ پر انڈے کی زردی کے لیے گول دائرہ کاٹ کر چپکائیے، زرد رنگ بھروائیے اور گھر لے جانے کے لیے دیجیے۔




اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی

## ساتواں ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- طلبا 'ژ' کی آواز پہچان سکیں۔
- 'ژ' لکھنا سیکھ سکیں۔
- 'ژ' کا ذخیرۂ الفاظ جان سکیں۔
- 'ر ، ڑ ، ز ، ژ' کا اعادہ کرسکیں۔
- نظم 'مچھلی کی کہانی' یاد کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- کلیاں صفحات نمبر ۲۲ ، ۲۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۲۴
- حروف کی کہانیاں صفحات نمبر ۲۰ ، ۲۱

### طریقۂ کار:

- 'ژ' کی آواز کا تعارف کروائیے۔

☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۰ کی مدد سے 'ژ' کی کہانی سنائیے۔

- ذخیرۂ الفاظ: اژدھا ، ٹیلی ویژن ، ژالہ باری
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۲ پر دی گئی سرگرمی کیجیے اور سوالات کیجیے۔
- 'ژ' بنا کر نقطوں کے بارے میں سمجھائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۲ کی عملی سرگرمیاں اور کام کروائیے نیز آواز کا اعادہ بھی کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۲۴ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- ورک شیٹ یا کاپی کا کام کروائیے۔
- نظم 'مچھلی کی کہانی' کلیاں صفحہ نمبر ۲۳ سے پڑھ کر سنائیے۔
- تصویر کا مشاہدہ کروا کر سوالات کیجیے۔
- روزانہ نظم دہرا کر یاد کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دُہرائی کروائیے۔'ر ، ڑ ، ز ، ژ' کا اعادہ کروائیے ، حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۱ کی مدد سے کہانی کا اعادہ کیجیے۔

## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا میں سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کے اعادہ کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- نیا ذخیرۂ الفاظ بصری طریقے سے پڑھنے کے قابل بنانا۔
- 'س ،ش ،ص ،ض ، ط ، ظ' کی پہچان کی قابلیت پیدا کرنا۔
- 'س ،ش ،ص ،ض ، ط ، ظ' لکھنا سکھانا۔
- 'ب سے ط' تک درست طریقے سے لکھنے کے قابل بنانا۔
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'طوطا' کے ذخیرۂ الفاظ پڑھنے کے قابل بنانا۔
- کہانی کا فہم حاصل کرنے اور دی گئی سرگرمیاں کرنے کے قابل بنانا۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروف تہجی ب سے ظ) اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- منتخب الفاظ کے فلیش کارڈز
- تختۂ تحریر
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'طوطا' صفحات نمبر ۱۷ سے ۲۱
- کلیاں صفحات نمبر ۲۴ سے ۲۹
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ۲۵ سے ۳۱
- حروف کی کہانیاں صفحات نمبر ۲۲ سے ۲۸

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۴ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کر کے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## پہلا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'س' کی پہچان کرسکیں۔
- 'س' کے شوشوں کی نمونہ لکھائی کرسکیں۔
- 'س' لکھ سکیں۔

### مددگار مواد:

- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز، حقیقی اشیا اور 'س' سے شروع ہونے والے کھلونے
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۲۴
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۲۵
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۲
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'طوطا'

### طریقۂ کار:

- 'س' کا تعارف کروائیے۔

☆ 'س' کی کہانی/نظم سنائیے۔

☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۲ کی مدد سے کہانی سنائیے۔

کہانی: سارہ نے سمندر پر سائیکل چلائی وہاں پر سانپ والا بھی تھا۔ سمندر کے ساتھ سیپیاں بھی بکھری ہوئی تھیں۔ وہاں پر ایک ٹھیلا تھا، جس پر بہت سارے سیب تھے۔ اس ٹھیلے پر سات ستارے بنے ہوئے تھے۔


- ذخیرۂ الفاظ: سارہ ، سمندر ، سائیکل ، سانپ ، سیپیاں ، سات ، ستارے ، سارے ، سیب

☆ سورج بنا کر اس میں رنگ بھروا لیجیے۔

☆ سیب کاٹ کر کھلائیے/سلاد سجا کر دکھائیے/ستاروں کے اسٹیکر بچوں کے کالر یا کاپی پر چپکائیے۔

- بڑا سا 'س' بنا کر بتائیے کہ آج ہم نے یہ آواز سیکھی ہے۔
- آواز کا اعادہ کروائیے۔
- 'س' کو ہوا، ریت، میز، جلد پر انگلیوں کی مدد سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۲۵ کے نیچے دی گئی 'س' کی عملی نمونہ لکھائی کروائیے۔

- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'طوطا' کا تعارف کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۴ پر دی گئی عملی سرگرمیاں کروائیے اور اس کا کام کروائیے۔ رنگ بھروائیے۔
- کہانی ''طوطا' کی صفحہ نمبر ۱۷ پر دی گئی، کہانی پر بات چیت کیجیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۲۶ کروائیے۔
- تمام کاموں کا اعادہ کروائیے۔
- 'س' کی کاپی/ ورک شیٹ کروائیے۔
- نظم 'میری نئی سائیکل' سنائیے اور بچوں کو یاد کروائیے۔




اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی

## دوسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'س ،ش' کا اعادہ کر سکیں۔
- 'ش' کی درست لکھائی کر سکیں۔'ش' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر، 'ش' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ نمبر ۲۵ ، اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۲۷
- معاون کتاب: تحفہ ، حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۳

## طریقۂ کار:

- 'ش' کے ذخیرۂ الفاظ کے ذریعے آواز کی مشق کروائیے۔ جیسے [شلغم] ، [شال] ، [شُترمرغ] ، [شیر]
- بورڈ پر بڑا سا 'ش' لکھ کر بتائیے کہ یہ آواز اس حرف کی ہے۔نقطوں کی وضاحت کیجیے۔ (ث ، ژ ، ش)

☆ شیر کی آواز نکالیے۔ شیر اور چوہے کی کہانی سنا دیجیے۔

☆ شربت بنوائیے۔

- گزشتہ نظم / کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- ریت ، ہوا ، پانی پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ش' بنوائیے۔
- معاون کتاب: تحفہ کی کہانی 'طوطا' کا وضاحت سے دورہ کروائیے۔
- آواز کا اعادہ کروائیے۔کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۵ کی تصاویر کے اُردو نام بتائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۵ کی عملی سرگرمیاں کروائیے۔ رنگ بھروائیے۔
- آواز کا اعادہ کیجیے۔
- کہانی 'طوطا' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- 'ش' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۲۷ کا کام کروائیے ، رنگ بھروائیے اور آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی / ورک شیٹ میں کام کروائیے۔

## تیسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ’ص‘ کی پہچان کرسکیں۔’ص‘ کی درست لکھائی کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ نرم، صابن، ’ص‘ کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں صفحہ نمبر ۲۶
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۲۸
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۴
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی ’طوطا‘

### طریقۂ کار:

- ’ص‘ کی آواز کا تعارف کروائیے اور بتائیے کہ یہ وہی آواز ہے جو ’ث‘ اور ’س‘ کی ہے۔

☆ صبح کا منظر بیان کیجیے جس میں ’ص‘ کے ذخیرۂ الفاظ استعمال کروائیے۔ صبح ، صراحی ، صوفہ ، صندوق
(حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۴)

- بورڈ پر بڑا سا ’ص‘ لکھ کر بتائیے کہ آج ہم نے یہ آواز سیکھی۔
- ریت، ہوا، سلیٹ پر چاک اور انگلیوں کی مدد سے ’ص‘ بنوائیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔ ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۶ کا کام کروائیے۔ رنگ بھروائیے اور آواز کا اعادہ کروائیے۔

☆ طلبا کے گروپ بنا کر جماعت کے مختلف حصوں کی صفائی کروائیے۔

☆ صابن سے ہاتھ دھونے کی ترغیب اور طریقہ بتائیے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۲۸ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔ کہانی کا اعادہ کروائیے۔

☆ صندوق کے کٹ آؤٹ بنا کر گھر بھیج دیجیے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔ کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔

## چوتھا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ص' کا اعادہ کر سکیں۔
- 'ض' کو پہچان سکیں اور درست لکھائی کر سکیں۔
- 'ص ،ض' کی پہچان کر سکیں۔

### مددگار مواد:

- کلیاں صفحہ نمبر ۲۷ ، خوشخطی صفحہ نمبر ۲۹ ، حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۵
- فلیش کارڈز (حروف اور کہانی 'طوطا' کے فلیش کارڈز)

### طریقۂ کار:

- 'ض' کی آواز کا تعارف کروائیے۔
- 'ص' کا حوالہ دے کر نقطہ لگا کر لفظ کی بناوٹ سکھا دیجیے اور آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔ پھر ذ اور ز کا حوالہ دیجیے کہ یہ ان ہی دو حروف جیسی آواز ہے۔
- ذخیرۂ الفاظ بتائیے، مثلاً | ضعیف | ، | ضائع | ، | ضرورت | ، | ضروری |

☆ ضعیف کا رول پلے کروائیے۔ چیزیں ضائع نہ کرنے کے بارے میں بات کروائیے۔

- بڑا سا 'ض' بنا کر بورڈ پر آواز کا حرف سے تعلق بتائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔ حروف تہجی اور کہانی 'طوطا' کے فلیش کارڈز۔


☆ چیزوں کو ضائع نہ کرنے کے متعلق بات کیجیے۔

- ریت ، ہوا ، جلد پر انگلیوں کی اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔
- تختہ کی کہانی 'طوطا' کے مشاہداتی سوالات کروائیے اور اعادہ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں صفحہ نمبر ۲۷ کی عملی سرگرمیاں کروائیے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۲۷ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کا اعادہ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔

- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۲۹ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔


☆ ضعیف کی تصویر والے کٹ آؤٹ گھر بھیج دیجیے۔

- کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- آواز کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔




معاون کتاب: تحفہ

## پانچواں ہفتہ



### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ط' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔
- 'ط' کی درست لکھائی کر سکیں۔
- بصری طریقۂ تدریس سے پڑھائی کر سکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- 'ط' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹ
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۲۸
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'طوطا'
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۳۰
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۶

### طریقۂ کار:

- 'ط' کی آواز کا تعارف کروایئے اور بتایئے کہ یہ وہی آواز ہے جو حرف 'ت' کی ہوتی ہے۔
- ☆ طوطے میاں والی نظم سنایئے اور 'ط' کے ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروایئے۔ جیسے طوطا ، طیّارہ ، طاق
- ☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۶ کی مدد سے کہانی سنایئے۔
- بڑا سا 'ط' بنایئے، بتایئے، ٹ، ڈ، ڑ پر جو چھوٹی 'ط' بنائی تھی اس کو بڑا کر کے بنا دیجیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- ریت، ہوا، جلد پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ٹ' بنوایئے۔
- تحفہ کی کہانی 'طوطا' پھر سے دکھا کر دورہ کروایئے اور نشاندہی کیجیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۸ کی عملی سرگرمیاں کروایئے اور رنگ بھروایئے اور آواز کا اعادہ کرتے جایئے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۳۰ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- ☆ طوطے یا طیارے کا کٹ آؤٹ گھر بھجوایئے۔
- گزشتہ کاموں کا اعادہ کروایئے۔ کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروایئے۔

## چھٹا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ظ' کا اعادہ کرسکیں ، ظ کی پہچان کرسکیں۔
- 'ظ' کی درست طریقے سے لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- 'ظ' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹ
- کلیاں صفحہ نمبر ۲۹ کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹ
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۳۱
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'طوطا'
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۷۔۲۸

## طریقۂ کار:

- 'ظ' کا ذخیرۂ الفاظ ،فلیش کارڈز کی مدد سے پڑھوایئے ، مثلاً ظفر ، ظروف ، ظلم

☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۷ کی مدد سے 'ظ' کی کہانی سنائیے۔

☆ برتنوں کے کٹ آؤٹ کی مدد سے ظروف بنائیے۔

- بورڈ پر 'ظ' بنا کے بتایئے کہ آج ہم نے یہ آواز سیکھی ہے۔ آواز کی مشق اور ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- 'ط' پر ایک نقطہ لگا دینے سے اس کی آواز ظ جیسی ہو جاتی ہے۔ ذ ، ز ، ض ، ظ
- ریت ، ہوا ، جلد پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ظ' بنوایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۲۹ پر کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔ آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۸ کی مدد سے کہانی کا اعادہ کروایئے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۳۱ پر کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔ آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- کاپی/ ورک شیٹ پر کام کروایئے۔
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'طوطا' کے صفحہ نمبر ۲۱ کی سرگرمیاں کروایئے۔

☆ ظروف کا کٹ آؤٹ بنا کر بھیج دیجیے۔

- کہانی کا اعادہ کروایئے۔
- 'ا' سے 'ظ' تک اعادہ کروایئے۔

## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا کو سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروانا۔
- کلیاں اور کہانی اسکول (معاون کتاب: تحفہ) کے نئے ذخیرۂ الفاظ کا تعارف کروانا۔
- ع ، غ ، ف ، ق ، ک ، گ کی پہچان کروانا۔
- کلیاں ، خوشخطی اور کاپی میں لکھائی کرنے کے قابل بنانا۔
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'اسکول' کا ذخیرۂ الفاظ ، بصری طریقۂ کار سے ازخود پڑھنے کے قابل بنانا۔
- کہانی کا فہم حاصل کرنے اور دی گئی سرگرمیاں کرنے کے قابل بنانا۔

## مدد گار مواد:

- کلیاں صفحات نمبر ۳۰ سے ۳۶
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ۳۲ سے ۳۸
- حروف کی کہانیاں صفحات نمبر ۲۹ سے ۳۵
- سرگرمیوں کے لیے حقیقی اشیا / تصاویر/ کھلونے ، مثلاً گاجر ، گیند
- تختۂ تحریر
- کارڈ شیٹس ، رنگین پنسلیں
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'اسکول'
- طلبا بصری طریقۂ تدریس سے دو الفاظ [زارا] اور [علی] سیکھ سکیں۔
- کلیاں صفحہ نمبر ۳۰
- ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز ، فلیش کارڈز (حروفِ تہجی ع سے گ) اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۵ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## طریقۂ کار:

- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳۰ کھول کر پڑھوایئے۔ زارا اور علی کے بارے میں بات چیت کیجیے۔
- معاون کتاب 'تحفہ' سے پڑھی گئی کہانیوں کا حوالہ دیجیے اور پوچھیے کہ زارا اور علی نے اب تک کیا کیا ہے؟ (کہانیاں چڑیا کا بچّہ ، مانو ، تحفہ اور طوطا یاد دلایئے)

## پہلا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ع' کی پہچان کر سکیں اور اس کی بناوٹ کو سمجھ سکیں۔
- 'ع' کی درست لکھائی کر سکیں۔

## مددگار مواد:

- 'ع' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳۱
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی کے صفحات نمبر ۳۲، ۳۳
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'اسکول'
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۹
- تختۂ تحریر

## طریقۂ کار:

- 'ع' کی آواز کا تعارف کروائیے۔

☆ عید کی کہانی سنائیے۔ عید پر عید کارڈ دیتے ہیں۔ عیدی ملتی ہے۔ عید کا منظر بنائیے عیدی سے بچے چیزیں خریدتے ہیں۔

☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۲۹ کی مدد سے کہانی سنائیے۔

کہانی: عائشہ نے اپنی عیدی سے عینک خریدی۔ عید والے دن سب نے تیار ہو کر عطر لگایا۔ عید ملے۔ سب نے ایک دوسرے کو عید مبارک کہا اور عید کارڈ دیے۔


- ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروائیے۔ جیسے [عیدی]، [عید مبارک]، [عید کارڈ]، [عطر]، [عینک]، [عورت]
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۱ کے ذخیرۂ الفاظ کروائیے۔
- بورڈ پر بڑا سا 'ع' بنا کر بتائیے کہ آج ہم نے اس حرف کی آواز سیکھی ہے۔
- 'ع' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- ہوا، ریت اور جلد پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ع' بنوائیے۔

☆ عقاب کے بارے میں بتائیے۔


☆ عید کارڈ بنا کر گھر بھجوا دیجیے۔

- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'اسکول' کے ذخیرۂ الفاظ کا، فلیش کارڈز کی مدد سے اعادہ کروائیے۔

- خوشخطی سے صفحہ نمبر ۳۲ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- معاون کتب: تحفہ ، کہانی 'اسکول' کا تعارف اور دورہ کروائیے ، سنائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۱ پر کام کروائیے۔عملی سرگرمیاں کروائیے۔ رنگ بھروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'اسکول' کے بارے میں گفتگو اور سوالات کیجیے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۳۳ کا کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ اور آواز کا اعادہ کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ کا کام کروائیے۔




حروف کی کہانیاں



## دوسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ’غ ‘ کی پہچان کرسکیں۔
- ’غ ‘ کی درست لکھائی کرسکیں۔
- ’ع ، غ ‘ کا اعادہ کرسکیں۔

### مددگار مواد:

- ’غ ‘ کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳۲ ، خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۴
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی ’اسکول‘ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۰

### طریقۂ کار:

- ’غ ‘ کی آواز کا تعارف کروایئے۔
- طلبا کو حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۰ سے کہانی ’غالب نے غلیل سے غبّارے پھوڑے‘ سنایئے۔
- ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروایئے۔ غالب ، غلیل ، غبّارے

☆ گتّے کی غلیل بنوایئے ، غبّارے پھلوایئے۔ رنگ برنگے غبّارے کمرۂ جماعت میں سجایئے۔

- کہانی ’اسکول‘ کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- ہوا ، ریت اور میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے ’غ ‘ بنوایئے۔
- ’ع ، غ ‘ جوڑا ہے نقطہ بڑھانے سے ’غ ‘ بن جاتا ہے۔ وضاحت کیجیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔ آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۲ کا کام کروایئے۔ عملی سرگرمیاں کروایئے۔ رنگ بھروایئے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۳۴ کا کام کروایئے۔ رنگ بھروایئے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔

☆ غبّارے پھلوا کر گھر بھجوا دیجیے۔

- کاپی/ ورک شیٹ کا کام کروایئے۔ ’ع ، غ ‘ کی وضاحت کیجیے۔

## تیسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ :

- 'ف' کی درست لکھائی اور پہچان کر سکیں۔

### مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- 'ف' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳۳ ، خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۵ ، معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'اسکول'

### طریقۂ کار:


- 'ف' کی آواز کا تعارف کروایئے۔
- 'ف' کے ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کی مدد سے تعارف اور دہرائی کروایئے۔ فٹبال ، فاختہ ، فانوس ، فوّارہ ، فالُودہ
- بورڈ پر بڑا سا 'ف' بنا کر آواز کی پہچان اور حرف سے آواز کا تعلق بتایئے۔

☆ جماعت سے باہر لے جا کر فٹبال کا کھیل کھیلیے۔

- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'اسکول' کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- ہوا ، ریت ، جلد اور میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ف' بنوایئے۔
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'اسکول' کا اعادہ اور مشاہداتی سوالات کیجیے۔

☆ فٹبال بنا کر اس کے کچھ خانوں میں کالا رنگ بھروایئے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۳ پر دی گئی عملی سرگرمیاں کروایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۳ پر دیے گئے کام کروایئے ، رنگ بھروایئے۔
- کہانی کی مشق کی دہرائی کروایئے۔ کہانی کا اعادہ کیجیے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۳۵ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کروایئے۔
- کاپی/ ورک شیٹ کا کام کروایئے۔




اُردو کا گلدستہ 'کلیاں'

## چوتھا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ق' کی آواز کی پہچان کر سکیں اور 'ق' کی درست لکھائی کر سکیں۔

## مدد گار مواد:

- 'ق' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳۴
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی کا صفحہ نمبر ۳۶
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'اسکول' صفحہ نمبر ۲۷
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۲

## طریقۂ کار:

- 'ق' کی آواز کا تعارف کروائیے۔
- 'ق' کے ذخیرۂ الفاظ کی مشق کروائیے، مثلاً قلفی ، قالین ، قلابازی ، قینچی ، قمیص

☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۲ کی مدد سے کہانی سنائیے۔

- 'ق' بنا کر آواز کی پہچان کروائیے۔

☆ کاغذ پر قوس قزح کی painting کروا دیجیے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- ریت ، ہوا اور میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ق' لکھوائیے۔

☆ قالین/ قوس قزح/ قلفی کا کٹ آؤٹ بنا کر بھیجیے۔

- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'اسکول' کا اعادہ کروائیے اور صفحہ نمبر ۲۷ کی سرگرمی کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کی دہرائی کروائیے۔ آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۴ کی عملی سرگرمیاں کروائیے۔ اور کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- تمام کاموں کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۶ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کہانی 'اسکول' کے فلیش کارڈز کا اعادہ کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔

# پانچواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ک' کی آواز کی پہچان کرسکیں اور 'ک' کی درست طریقے سے لکھائی کرسکیں۔

## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳۵
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی کا صفحہ نمبر ۳۷
- 'ک' سے شروع ہونے والی چیزوں یعنی ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۳

## طریقۂ کار:

- 'ک' کی آواز کا تعاف کروائیے۔
- حروف کی کہانی صفحہ نمبر ۳۳ کی مدد سے کہانی سنائیے۔
- 'ک' کے ذخیرۂ الفاظ مثلاً کوّا ، کبوتر ، کپڑے ، کنگھا ، کاغذ ، کتاب کی مشق کروائیے۔

☆ کتاب کی اہمیت اور کاغذ کے استعمال کے بارے میں بتائیے۔کتاب کی حفاظت ،صفحہ پلٹنے کا طریقۂ کار بتائیے۔

- بورڈ پر 'ک' بنا کر بتائیے کہ آج ہم نے اس کی آواز سیکھی ہے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔ پھر کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- 'ک' ، ہوا ، ریت ، میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے بنوائیے۔

☆ کشتی بنائیے اور بچوں کے گھر بھیج دیجیے۔

- گزشتہ کاموں کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۵ کی سرگرمیاں کروائیے۔ رنگ بھروائیے۔ سوالات کیجیے۔کون ، کیا ، کیسے ، کب؟
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۳۷ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔

## چھٹا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- ’ک‘ کا اعادہ کرسکیں۔
- ’گ‘ کی آواز کی پہچان کرسکیں اور ’گ‘ کی درست لکھائی کرسکیں۔


## مددگار مواد:

- تختۂ تحریر
- ’گ‘ سے شروع ہونے والی چیزوں کے کٹ آؤٹس
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۳۶
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی کا صفحہ نمبر ۳۸، معاون کتاب: تحفہ، کہانی ’اسکول‘
- سرگرمی میں استعمال ہونے والا سامان، مثلاً گاجر، گلاب اور گیندے کے پھول

کہانی: ہم گاڑی میں بیٹھ کر گاؤں گئے۔ وہاں ہم نے گنّے کے کھیت دیکھے، گائے دیکھی جو گھاس کھا رہی تھی۔ وہاں اِک گلہری بھی گھوم رہی تھی۔ گلاب اور گیندے کے بہت سارے پھول تھے جن کا ہم نے گلدستہ بنایا۔

☆ گاجر دکھایئے/ گاجر کاٹ کر سُوپ بنالیجیے/گلاب اور گیندے کے پھولوں کا گلدستہ بنالیجیے۔

- کہانی: اسکول کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- ریت، ہوا، جلد اور میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے ’گ‘ بنوایئے۔
- گلاب/ گاجر کا کٹ آؤٹ بنا کر بھیجیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۶ کی عملی سرگرمیاں کروایئے۔
- کام کروایئے آواز کا اعادہ کروایئے۔
- کہانی کا اعادہ کروایئے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- کاپی پر ورک شیٹ کا کام کروایئے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۳۸ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔



## یونٹ کے مقاصد:

- طلبا میں سکھائے گئے ذخیرۂ الفاظ کی پہچان کی صلاحیت پیدا کرنا۔
- معاون کتاب: تحفہ سے کہانی 'باغ' کے فلیش کارڈز پڑھنے کے قابل بنانا۔
- 'ل' سے 'ے' تک حروف تہجی کی آوازوں کی پہچان کرنے کے قابل بنانا۔
- 'ل' سے 'ے' تک حروف تہجی درست طریقے سے لکھنے کے قابل بنانا۔
- 'ا' سے 'ے' تک حروف تہجی کا اعادہ کرنے کے قابل بنانا۔
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'باغ' کا فہم حاصل کرنے اور دی گئی سرگرمیاں کرنے کے قابل بنانا۔
- نظم اور کروائی جانے والی سرگرمیاں کرنے کی اہلیت پیدا کرنا۔

## مددگار مواد:

- فلیش کارڈز (حروف تہجی 'ا' سے 'ے') اوکسفرڈ یونیورسٹی پریس
- فلیش کارڈز (باغ، کتاب، تحفہ)
- 'ل' سے 'ے' تک آوازیں سکھانے کے لیے حقیقی اشیا (مثلاً لیموں)، تصاویر اور کھلونے۔
- تختۂ تحریر
- کلیاں صفحات نمبر ۳۷ سے ۴۹
- حروف کی کہانیاں صفحات نمبر ۳۶ سے ۴۰
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ۳۹ سے ۵۱
- کاپی/ ورک شیٹ میں تیار کیے گئے صفحات

نوٹ: اساتذہ کی رہنمائی کے لیے صفحہ vii پر تختۂ نرم کا مثالی نمونہ دیا گیا ہے۔ اساتذہ کو چاہیے کہ وہ یونٹ ۶ کی پڑھائی کی دی گئی ہفتہ وار منصوبہ بندی کے مطابق مثالی تختۂ نرم کے ذخیرۂ الفاظ اور مواد کو پڑھائے جانے والے حروف کے مطابق تبدیل کرکے تختۂ نرم کو ترتیب دیں۔

## پہلا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ل' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔'ل' کی درست لکھائی کر سکیں۔

## مدد گار مواد:

- تختۂ تحریر
- 'ل' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں کے صفحات نمبر ۳۷ ، ۳۸ ، اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ ابتدائی کے صفحات نمبر ۳۹ ، ۴۰
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'باغ' حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۶

## طریقۂ کار:

- 'ل' کی آواز کا تعارف کروایئے۔حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۶ سے 'ل' کی کہانی سنایئے۔

کہانی: لالچی لومڑی کی تالاب کے کنارے بہت سارے جانور دیکھ کر لالچ کے مارے لال زبان لٹک رہی تھی اس نے سوچا کہ میں ان سب کو کھالوں۔ (حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۶ )

- ذخیرۂ الفاظ پڑھایئے۔ لالچی ، لومڑی ، لال ، لٹک ، لالچ ، لٹو دکھایئے اور چلایئے۔لال رنگ کی چیزیں دکھایئے۔
- بورڈ پر 'ل' بنایئے اور آواز کی پہچان حرف کے ذریعے کروایئے۔
- کہانی کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔کلیاں کا صفحہ نمبر ۳۷ کروایئے۔
- ہوا ، ریت ، اور میز پر انگلیوں ، سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ل' بنوایئے۔
- 'کلیاں' کے صفحہ نمبر ۳۷ پر موجود ذخیرۂ الفاظ مشاہدہ کروا کے پڑھوایئے۔کروایئے۔
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'باغ' کے ذخیرۂ الفاظ پڑھوایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۸ کی عملی سرگرمیاں کروایئے۔تصاویر کے متعلق سوالات کیجیے۔
- کلیاں صفحہ نمبر ۳۸ کا کام کروایئے اور رنگ بھروایئے۔
- کہانی کا اعادہ کروایئے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۴۰ کروایئے رنگ بھروایئے۔

☆ کوئی بھی لال رنگ کی چیز مثلاً لال پھول ، لال ٹوپی ، لال پنسل کے کٹ آؤٹ بنا کر گھر بھجوا دیجیے۔

- آواز کی مشق کی دہرائی کروایئے۔
- 'ل' کی بناوٹ کی دہرائی کروایئے۔کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروایئے۔

## دوسرا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'م' کی آواز کی پہچان کرسکیں۔'م' کی لکھائی درست بناوٹ سے کرسکیں۔

### مدد گار مواد:


- تختۂ تحریر،'م' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں کا صفحات نمبر ۳۹ ، ۴۰ ، اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی کا صفحہ نمبر ۴۱
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'باغ'، حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۷

### طریقۂ کار:

- 'م' کی آواز کا تعارف کروائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۳۹ کی عملی سرگرمیاں کروائیے۔
- حروف کی کہانیاں کے صفحہ نمبر ۳۷ کی مدد سے 'م' کی کہانی سنائیے۔

کہانی: اِک تالاب کے کنارے درخت تھے جس پر مکڑی نے جالا بنایا ہوا تھا۔ اس تالاب میں مچھلی، مگر مچھ، مُرغابی اور مینڈک رہتے تھے۔

- ذخیرۂ الفاظ: مکڑی ، مچھلی ، مگرمچھ ، مُرغابی ، مینڈک ، مل جُل
- نظم سنائیے۔
- کہانی (باغ) کے ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- 'م' کی درست بناوٹ سکھائیے۔ ہوا، جلد، ریت، اور میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'م' بنوائیے۔
- مرغا/ موم بتّی / مچھلی بنائیے اور گھر بھجوا دیجیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔ آواز کی مشق کروائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۴۰ کی عملی سرگرمیاں کروائیے۔ کام کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- کہانی 'باغ' کے بارے میں گفتگو کیجیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ نمبر ۴۱ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں 'م' کا کام کروائیے۔



# تیسرا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ن' کی آواز کی پہچان کر سکیں۔
- 'ن' کی درست لکھائی کر سکیں۔

## مدد گار مواد:

- تختۂ تحریر
- 'ن' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۴۱
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی کا صفحہ نمبر ۴۲
- معاون کتاب: تحفہ، کہانی 'باغ'
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۸

## طریقۂ کار:


- 'ن' کی آواز کا تعارف کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ سکھائیے: نوٹ ، ناریل ، نیلا ، ناشپاتی ، ندا ، نانا ، نانی

کہانی: ندی کے کنارے بہت سارے ناریل کے درخت تھے۔ پانی نیلا تھا وہاں نوکیلے ناخن والا مگر مچھ رہتا تھا۔
(حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۳۸)

- بورڈ پر بڑا سا 'ن' بنا کر حرف کا آواز سے تعلق بتائیے۔
  - ☆ نان کھلائیے، ناریل دکھائیے اور کھلائیے۔
  - ☆ نظم سنائیے۔
  - ☆ نان خطائی دکھائیے اور کھلائیے۔
  - ☆ نرمی سے بات کرکے دکھائیے۔
  - ☆ نلکا دکھائیے اور بتائیے کہ پانی ضائع نہیں کرنا چاہیے۔
  
  (جو ممکن ہو، کروائیے)
- تحفہ کی کہانی (باغ) کے بارے میں گفتگو کیجیے اور کہانی سنائیے۔
- 'ن' کی آواز کا اعادہ کروائیے۔
- ریت، ہوا، جلد اور میز پر انگلیوں اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ن' بنوائیے۔

☆ ناریل کا گتّے کا کٹ آؤٹ (ہو سکے تو اس پر اصلی ناریل کے بال چپکائیے) بنا کر/نارنگی کے کٹ آؤٹ میں نارنجی رنگ بھروا کر بچوں کے گھر بھیج دیجیے۔

- کہانی کا اعادہ کیجیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کیجیے۔
- کلیاں صفحہ نمبر ۴۱ کی عملی سرگرمیاں کروائیے۔ کام کروائیے۔ رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کروائیے۔
- تحفہ کی کہانی 'باغ' کے مشاہداتی سوالات کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کیجیے، آواز کی مشق کروائیے۔
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ ابتدائی کا صفحہ نمبر ۴۲ پر کام کروائیے۔ اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ کا کام کروائیے۔



## چوتھا ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- 'ہ' کی پہچان کر سکیں۔
- 'ہ' کی درست لکھائی کر سکیں۔


## مددگار مواد:

- کلیاں کا صفحہ نمبر ۴۲
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ۴۴ ، ۴۵
- معاون کتاب: تحفہ ، کہانی 'اسکول'
- 'ہ' کے ذخیرۂ الفاظ کے کٹ آؤٹس ، ہار کے لیے رنگ برنگے موتی
- حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۴۰

## طریقۂ کار:

- 'ہ' کا تعارف کروائیے۔
- ☆ حروف کی کہانیاں صفحہ نمبر ۴۰ کی مدد سے 'ہ' کی کہانی سنائیے۔
- 'ہ' کا ذخیرۂ الفاظ سکھائیے: ہار ، ہاتھ ، ہتھوڑا ، ہوٹل ، ہتھیلی ، ہرن ، ہاتھی
- ہم ، ہمارا بستہ ، ہمارا اسکول
- ☆ ہاتھ دھلوائیے اور ہاتھ ملائیے۔
- ☆ پھولوں / بڑے موتیوں کے دانوں کو موٹے تار یا موٹے دھاگے میں پرو کر ہار بنوائیے۔
- بورڈ پر بڑا سا 'ہ' بنائیے۔
- تحفہ کی کہانی 'اسکول' کی سرگرمیاں کروائیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔
- ریت ، ہوا ، میز پر انگلیوں سے اور سلیٹ پر چاک کی مدد سے 'ہ' بنوائیے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۴۲ پر سرگرمیاں کروائیے۔
- کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- کلیاں کا صفحہ نمبر ۴۲ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- ☆ ہاتھی کا کٹ آؤٹ رنگ بھروا کر گھر بھیج دیجیے۔
- ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروائیے۔

- کہانی کا اعادہ کروائیے۔
- خوشخطی کا صفحہ ۴۴ کروائیے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۴۵ کروائیے اور رنگ بھروائیے۔
- آواز کی مشق کی دہرائی کروائیے۔
- فلیش کارڈز کی دہرائی کروائیے۔
- کاپی/ ورک شیٹ میں کام کروائیے۔



## پانچواں ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ :

- طلبا 'ا' کی بطور مصوّتہ (vowel) آواز پہچان سکیں اور طلبا 'ا' لکھ سکیں۔

### مدد گار مواد:

- تختۂ تحریر، کلیاں صفحہ نمبر ۴۳
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ ابتدائی صفحہ نمبر ۱

### طریقۂ کار:

- 'ا' کا کٹ آؤٹ دکھائیے۔ بتائیے کہ یہ الف ہے اس کی آواز 'ا' ہے۔ جیسے باجا، تالا، مارا، اس کو جتنا چاہیں کھینچا جا سکتا ہے۔
- کلیاں کے صفحے کی عملی سرگرمی کروائیے پھر اسی صفحے کا کام کروائیے۔
- خوشخطی کے صفحہ نمبر ۱ پر کام کروائیے اور خاکوں میں رنگ بھروائیے۔

## چھٹا ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- طلبا 'و' کی بطور مصوّتہ (vowel) آواز پہچان سکیں۔ طلبا 'و' لکھ سکیں۔
- بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کر سکیں۔

### مدد گار مواد:

- تختۂ تحریر، کلیاں صفحہ نمبر ۴۴، اُردو خوشخطی سلسلہ حصہ ابتدائی صفحہ نمبر ۴۳

### طریقۂ کار:

- 'و' کی آواز انگلش کے 'او' (O) کی طرح بتائیے۔
- بتائیے کہ اس کا نام واؤ ہے۔ آواز او (O) ہے۔
- ذخیرۂ الفاظ بتائیے۔ بولو، تولو، کوٹ، مور
- کلیاں کے صفحے پر لکھنے کے بعد خاکے میں رنگ بھروائیے۔
- خوشخطی کے صفحے پر کام کروا کر گھڑی (وقت) میں رنگ بھروائیے۔

# ساتواں ہفتہ

## مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:


- طلبا 'ی' کی بطورمصوّتہ (vowel) آواز پہچان سکیں۔
- طلبا 'ی' کا ذخیرۂ الفاظ سیکھ سکیں۔ طلبا 'ی' لکھنا سیکھ سکیں۔

## مدد گار مواد:

- تختۂ تحریر، کلیاں صفحہ نمبر ۴۵
- اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحات نمبر ۴۴ ، ۴٦

## طریقۂ کار:

- آواز کی پہچان کروایئے۔ حرف کا نام ہے 'یے' اور آواز ہے اِی۔
- ذخیرۂ الفاظ بتایئے ، جیسے گاڑی ، مالی ، چابی ، موتی
- کلیاں کے صفحے پر لکھائی کے بعد خاکوں میں رنگ بھروایئے۔ اس دوران آواز دہراتے رہیے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۴۴ پر دیے گئے نمونے ، پہلے ہوا اور ریت میں بنوایئے پھر درست طریقے سے خوشخطی کی کتاب میں کام کروایئے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۴٦ کا کام درست طریقے سے کروا کر تصاویر میں رنگ بھروایئے۔




اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی

## آٹھواں ہفتہ

### مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

- طلبا 'ے' کی بطور مصوّتہ (vowel) آواز سیکھ سکیں۔
- 'ے' کا ذخیرۂ الفاظ جان سکیں۔ 'ے' لکھنا سیکھ سکیں۔
- اعادہ


### مدد گار مواد:


- تختۂ تحریر، کلیاں صفحات نمبر ۴٦، ۴۷، فلیش کارڈز، اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی صفحہ نمبر ۴۷
- کلیاں صفحہ نمبر ۴۷، حروفِ تہجی کے فلیش کارڈز، اُردو خوشخطی سلسلہ حصّہ ابتدائی، صفحات نمبر ۴۸، ۴۹، ۵۰، 51
- حروف کی کہانیاں


### طریقۂ کار:


- طلبا سے بصری ذخیرۂ الفاظ کا اعادہ کروایئے۔
- 'اے' کی آواز کا تعارف کروایئے کہ یہ حرف بھی 'یے' ہے لیکن اس کی آواز درمیان یا آخر میں آنے پر A اے کی طرح ہوتی ہے مثال کے لیے کلیاں کے صفحے کے نیچے لکھے گئے الفاظ بتایئے۔
- کلیاں میں بڑے حرف میں درست ٹریسنگ کروایئے اور موزے، تارے میں رنگ بھروایئے۔
- خوشخطی صفحہ نمبر ۴۷ پر بھی یہی حرف لکھوانے کے بعد تصاویر میں رنگ بھروایئے۔
- کلیاں کے صفحہ نمبر ۴۷ سے تمام حروف اور اُن کی آوازیں پڑھوایئے۔
- خوشخطی کے صفحات نمبر ۴۸ اور ۴۹ میں درست طریقے سے پنسل پھروایئے۔ انفرادی توجہ دیجیے۔ یہ کام دو دن میں بھی ہوسکتا ہے۔
- خوشخطی صفحات نمبر ۵۰ اور ۵۱ میں دیے گئے حروف اور انھی سے شروع ہونے والی تصاویر دلچسپ انداز میں اعادے کا ذریعہ ہیں۔ اپنے وقت اور بچوں کی صلاحیتوں کے اعتبار سے کام کی تقسیم کرکے کروایئے۔ طلبا کو اس کام میں بہت مزہ آئے گا۔
- اس دوران ہر کام کے شروع کے پانچ منٹ میں سکھائے گئے بصری ذخیرۂ الفاظ کے فلیش کارڈز کے ذریعے اعادہ کروایئے۔
- اس طریقۂ تدریس کے حیرت انگیز نتائج سے آپ خود بھی بہت مطمئن ہوں گے۔ انشاء اللہ۔
- تصویری قاعدہ 'حروف کی کہانیاں' کی مدد سے تمام حروف کی آوازوں اور کہانیوں کا اعادہ کروایئے۔


گتّے کے تراشوں (کٹ آؤٹس) کے لیے دیے گئے خاکے۔

















بچوں کے کام کے نمونے



